www.KitaboSunnat.com

# حسن اخلاق

## قرآن وحدیث کی روشنی میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ



مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

# حسن اخلاق

## قرآن وحدیث کی روشنی میں

اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

(سنن أبی داؤد : 4682)

''مومنوں میں سب سے زیادہ کامل ایمان والے وہ ہیں جو اخلاق میں سب سے اچھے ہوں۔''

Al-Balagh
Islamic Cassettes, Books & Hijab
Model Town, Lahore. Ph: 042-35942233
Jail Road Lahore. Ph: 042-35717842
F-8 Markaz Islamabad. Ph: 051 - 2281420

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

نام کتاب ---------- حسن اخلاق

تالیف ---------- الھدیٰ شعبہ تحقیق

ناشر ---------- الھدیٰ پبلی کیشنز، اسلام آباد

ایڈیشن ---------- دوم (نظر ثانی شدہ)

ISBN ---------- 978-969-8665-37-1

تعداد ---------- پچاس ہزار

قیمت ----------

تاریخ اشاعت ---------- 15 مئی 2012ء

## ملنے کے پتے

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد، پاکستان

فون: +92-51-4434615 +92-51-4436140-3

Email: salesoffice.isb@alhudapk.com

www.alhudapk.com www.farhathashmi.com

کراچی: 30-اے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی، پاکستان

فون: +92-21-34528548 +92-21-34528547

امریکہ: PO Box 2256, Keller, TX 762 44

Ph: (817)-285-9450 (480)-234-8918

Email: alhudaonlinebooks@ymail.com

کینیڈا: 5671 McAdam Rd, Mississauga Ontario, L4Z IN9 Canada

Ph:(905)-624-2030 (647 )-869-6679

www.alhudainstitute.ca

الھدیٰ انٹرنیشنل کی اجازت سے آپ اس کتاب کو شائع کر سکتے ہیں۔

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَللّٰهُمَّ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ

عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ

وَعَلٰی آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

(الأحزاب :21)

”درحقیقت تم لوگوں کے لیے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک بہترین نمونہ ہے۔“

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# فہرس


مقدمہ ............ 1

1۔ حسن الخلق۔حسنِ اخلاق ............ 2

2۔ الرفق۔نرمی ............ 4

3۔ الظّلم۔ظلم ............ 7

4۔ الصّبر۔صبر ............ 11

5۔ الشّکر۔شکر ............ 13

6۔ الخصم۔جھگڑا ............ 17

7۔ الحیاء۔شرم وحیا ............ 20

8۔ الکلام۔گفتگو ............ 23

9۔ المجالس۔مجالس ............ 27

10۔ الامانۃ۔امانت ............ 30

11۔المسؤلیّۃ۔ذمہ داری ............ 32

12۔ الکذب۔جھوٹ ............ 35

13۔ المزاح۔مزاح ............ 38

14۔التبسم۔مسکراہٹ ............ 40

15۔ الغضب۔غصہ ............ 42

16۔ الرّحمۃ۔رحم ............ 44

17۔العفو۔عفوودرگزر ............ 46

18۔ النصح۔خیرخواہی ............ 50

19۔ فضل السّلام۔سلام کی فضیلت ............ 53


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

20۔ الحبّ۔محبت ............ 56
21۔ الھبة۔تحفہ ............ 59
22۔ الکبر۔تکبر ............ 61
23۔ الحسد۔حسد ............ 64
24۔ الشّح۔بخل ............ 65
25۔الحرص۔حرص ............ 66
26۔ الغنٰی۔بے نیازی ............ 69
27۔ الادب۔ادب ............ 72
28۔العلاقات المشترکة۔ باہمی تعلقات ............ 75
29۔برّ الوالدین۔والدین سے حسنِ سلوک ............ 79
30۔ الشّفقة مع الصبیان۔بچوں کے ساتھ شفقت ............ 82
31 ۔عشرة النساء۔عورتوں کے ساتھ (حسنِ سلوک) ............ 85
32۔المسرة فی عشرة الزوجین۔خوشگوار ازدواجی تعلقات ............ 88
33۔صلة الأرحام۔صلہ رحمی ............ 98
34۔حقّ الجار۔ہمسائے کے حقوق ............ 100
35۔ برّ الیتیم ۔یتیم کے ساتھ حسنِ سلوک ............ 102
36۔رقاق القلوب۔دل کو نرم کرنا ............ 104

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# مُقَدِّمَہ

نبی اکرم ﷺ کی بعثت انسانیت پر اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے جس کا مقصد انسانوں کو اللہ کی عبادت کے طریقے سکھانا اور ان کے اخلاق و کردار کو سنوارنا تھا جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: **بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ.** (موطأ امام مالك، كتاب حسن الخلق : 8) ''میں اس لیے بھیجا گیا ہوں کہ عمدہ اخلاق کی تکمیل کروں۔''

آپ ﷺ خود بھی اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے جس کی گواہی خود خالق کائنات نے دی فرمایا: **وَ اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ** O (القلم : 4) ''اور بے شک آپ اعلیٰ اخلاق پر فائز ہیں۔''

آپ ﷺ لوگوں کو بھی ہمیشہ اچھے اخلاق کی تلقین کرتے۔ آپ کے اس اندازِ تربیت کے بارے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: **رَاَيْتُهُ يَاْمُرُ بِمَكَارِمِ الْاَخْلَاقِ.** (صحيح مسلم :6362) ''میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ لوگوں کو عمدہ اخلاق کی تعلیم دیتے ہیں۔''

انسانی زندگی میں حسن اخلاق کی اسی اہمیت کے پیش نظر اس کتاب میں اخلاق کے موضوع پر احادیث جمع کی گئی ہیں تا کہ ہم سب اپنی زندگیوں کو اسوۂ حسنہ اور تعلیماتِ نبوی کی روشنی میں سنوار سکیں۔

زیرِ نظر کتاب الہدیٰ انٹرنیشنل کے نصاب میں حدیث نبوی ﷺ مضمون کے حصے کا نظر ثانی شدہ ایڈیشن ہے جس سے دیگر افراد بھی یکساں طور پر مستفید ہو سکتے ہیں۔ اس کتاب کی تیاری میں ضعیف اور موضوع روایات سے بچتے ہوئے صرف صحیح اور حسن درجے کی احادیث کو منتخب کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کتاب کو ہمارے لیے اور تمام پڑھنے والوں کے لیے فائدہ مند بنائے۔ ہمیں احادیث رسول ﷺ کو صحیح معنوں میں سمجھنے اور ان کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توفیق عطا فرمائے نیز اس کارِ خیر میں تعاون کرنے والے تمام افراد کو ان کی کوششوں پر دنیا اور آخرت میں بہترین جزا عطا فرمائے۔

(آمین)

فرحت ہاشمی

یکم اپریل، 2012ء

8 جمادی الاوّل، 1433ھ

**نوٹ:** حسن اخلاق کے ابواب کی وضاحت اور تشریح کے لیے محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے لیکچرز سنیئے یہ لیکچرز آڈیو کیسٹس کی شکل میں دستیاب ہیں۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# حُسْنُ الْخُلُقِ

## حسنِ اخلاق

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ○ [ القلم: 4 ]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور بے شک آپ اخلاق کے بڑے مرتبے پر ہیں۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ... [ آلِ عمران: 159 ]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: پس اللہ کی رحمت کی وجہ سے آپ ان کے لیے نرم مزاج ہیں اور اگر آپ تندخو، سخت دل ہوتے تو یہ آپ کے اردگرد سے چھٹ جاتے۔

1. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُ تَمِّمَ صَالِحَ الْاَخْلَاقِ.

[ رواه البخاري في الأدب المفرد باب حسن الخلق: 273 ]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک میں اچھے اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا ہوں۔

2. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَحْسَنَ النَّاسِ خُلُقًا.

[ راوہ مسلم، کتاب الفضائل: 6017 ]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ اچھے اخلاق کے حامل تھے۔

3. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا. [ رواه أبو داؤد، كتاب السنة: 4682 ]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مومنوں میں سب سے زیادہ کامل ایمان والے



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وہ ہیں جو اخلاق میں سب سے اچھے ہوں۔

4.عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ:سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُولُ: **مَا مِنْ شَیْءٍ یُوضَعُ فِی الْمِیزَانِ اَثْقَلُ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ،وَاِنَّ صَاحِبَ حُسْنِ الْخُلُقِ لَیَبْلُغُ بِهِ دَرَجَةَ صَاحِبِ الصَّوْمِ وَالصَّلَاةِ.** [رواہ الترمذی، کتاب البر و الصلة: 2003]

سیدنا ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میزان میں حسنِ اخلاق سے زیادہ بھاری کوئی چیز نہ رکھی جائے گی اور یقیناً اچھے اخلاق والا شخص روزے دار اور نماز پڑھنے والے کا درجہ پالیتا ہے۔

5.عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: **خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِی مُنَافِقٍ: حُسْنُ سَمْتٍ، وَلَا فِقْهٌ فِی الدِّینِ.** [رواہ الترمذی، کتاب العلم: 2684]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو خصلتیں منافق میں جمع نہیں ہوسکتیں اچھا چال چلن اور دین کی سمجھ۔

6. عَنْ اَبِی ذَرٍّ قَالَ: قَالَ لِی رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: **اِتَّقِ اللّٰهَ حَیْثُ مَا کُنْتَ، وَاَتْبِعِ السَّیِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ.**

[رواہ الترمذی، کتاب البر و الصلة: 1987]

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: تم جہاں کہیں بھی ہو اللہ سے ڈرو اور برائی کے پیچھے نیکی کرو تو نیکی برائی کو مٹا دے گی اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الرِّفقُ

# نرمی

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: وَاخْفِضْ جَنَاحَکَ لِمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ○

[الشعرآء: 215]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور اہل ایمان میں سے جو تمہاری پیروی اختیار کریں ان کے لیے اپنے بازو جھکا دو۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: ...اَذِلَّۃٍ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِزَّۃٍ عَلَی الْکٰفِرِیْنَ... [المائدۃ:54]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: مومنوں پر نرم اور کفار پر سخت۔

7. عَنْ عَائِشَۃَ، اَنَّھَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: اِذَا اَرَادَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ بِاَھْلِ بَیْتٍ خَیْرًا اَدْخَلَ عَلَیْھِمُ الرِّفْقَ. [رواہ أحمد، ج:40، 24427]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی خاندان کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتے ہیں تو ان میں نرمی ڈال دیتے ہیں۔

8. عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: مَنْ اُعْطِیَ حَظَّہٗ مِنَ الرِّفْقِ فَقَدْ اُعْطِیَ حَظَّہٗ مِنَ الْخَیْرِ، وَمَنْ حُرِمَ حَظَّہٗ مِنَ الرِّفْقِ فَقَدْ حُرِمَ حَظَّہٗ مِنَ الْخَیْرِ.

[رواہ الترمذی، کتاب البر والصلۃ: 2013]

سیدنا ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جسے نرمی میں سے حصہ دیا گیا تو بے شک اسے خیر میں سے حصہ ملا، اور جو نرمی کے حصے سے محروم کر دیا گیا تو بے شک وہ خیر سے محروم رہا۔

9. عَنْ جَرِیْرٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: مَنْ یُحْرَمِ الرِّفْقَ، یُحْرَمِ الْخَیْرَ.

[رواہ مسلم، کتاب البر والصلۃ: 6598]

سیدنا جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو کوئی نرمی سے محروم کیا گیا وہ خیر سے محروم کیا گیا۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

10. عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: يَاعَائِشَةُ! اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ، وَيُعْطِيْ عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِيْ عَلَى الْعُنْفِ، وَمَا لَا يُعْطِيْ عَلٰى مَاسِوَاهُ. [رواہ مسلم، کتاب البر والصلة :6601]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی زوجہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! بے شک اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے، نرمی کو پسند فرماتا ہے، اور نرمی پر وہ جو کچھ عطا فرماتا ہے وہ سختی پر نہیں دیتا اور نہ اس کے علاوہ کسی چیز پر عطا فرماتا ہے۔

11. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا اَنَّ الْيَهُوْدَ اَتَوُا النَّبِيَّ ﷺ فَقَالُوا السَّامُ عَلَيْكَ، قَالَ: وَعَلَيْكُمْ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: اَلسَّامُ عَلَيْكُمْ، وَلَعَنَكُمُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْكُمْ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَهْلًا يَا عَائِشَةُ عَلَيْکِ بِالرِّفْقِ، وَاِيَّاکِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ. قَالَتْ: اَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا؟ قَالَ: اَوَلَمْ تَسْمَعِيْ مَا قُلْتُ؟ رَدَدْتُّ عَلَيْهِمْ فَيُسْتَجَابُ لِيْ فِيْهِمْ وَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِيَّ.

[رواہ البخاری، کتاب الدعوات :6401]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ یہود نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا السام علیک [تم پر موت ہو] نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وعلیکم [تم پر بھی ہو] لیکن سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ نے کہا السام علیکم ولعنکم اللّٰہ و غضب علیکم، [تم پر موت ہو اور اللہ کی لعنت ہو اور اللہ کا غضب ہو] تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ٹھہرو اے عائشہ! نرمی اختیار کرو اور سختی اور بدکلامی سے بچو۔ انہوں نے جواب دیا: کیا آپ نے نہیں سنا جو انہوں نے کہا؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے نہیں سنا جو میں نے کہا، میں نے ان کی بات انہی پر لوٹا دی اور میری بات ان کے بارے میں قبول کی گئی اور ان کی میرے بارے میں قبول نہیں کی گئی۔

12. عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُوْنُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا زَانَهُ، وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا شَانَهُ. [رواہ مسلم، کتاب البر والصلة :6602]


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے اسے زینت دار بنا دیتی ہے اور جس سے یہ نکال لی جاتی ہے اسے عیب دار کر دیتی ہے۔

13. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: **اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ اَوْبِمَنْ تَحْرُمُ عَلَيْهِ النَّارُ؟ عَلٰى كُلِّ قَرِيْبٍ هَيِّنٍ سَهْلٍ.**

[ رواہ الترمذی، کتاب صفة القیامة : 2488 ]

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں اس کی خبر نہ دوں جو آگ پر حرام ہے یا آگ اس پر حرام ہے؟ ہر اس شخص پر جو قریب، نرم خو اور آسان (سہل) ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الظُّلْمُ

# ظلم

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ... وَاللّٰهُ لَایَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَO [ آلِ عمران : 86 ]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ... اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَی الظّٰلِمِیْنَO [ هود : 18 ]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: سنو! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ... وَاللّٰهُ لَایُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَO [ آلِ عمران : 57 ]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور اللہ تعالیٰ ظالموں سے محبت نہیں کرتا۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ...اَ لَآاِنَّ الظّٰلِمِیْنَ فِیْ عَذَابٍ مُّقِیْمٍ O [ الشّورٰی : 45 ]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: خبردار ہو، بے شک ظالم دائمی عذاب میں ہوں گے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی:...مَالِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ حَمِیْمٍ وَّلَاشَفِیْعٍ یُّطَاعُO [ المؤمن : 18 ]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ظالموں کے لیے نہ کوئی دلی دوست ہوگا اور نہ کوئی سفارشی جس کی بات مانی جائے۔

14. عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِیْمَا یَرْوِیْ عَنْ رَبِّهٖ عَزَّ وَجَلَّ: اِنِّیْ حَرَّمْتُ عَلٰی نَفْسِی الظُّلْمَ وَعَلٰی عِبَادِیْ، فَلَا تَظَالَمُوْا .

[رواه مسلم، کتاب البر والصلة : 6575 ]

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے رب عزوجل سے نقل کیا کہ میں نے اپنے نفس پر ظلم کو حرام کیا ہے اور اپنے بندوں پر بھی، تو تم ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

15. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ: قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ ﷺ: **مَنْ اَشَارَ اِلٰی اَخِیْهِ بِحَدِیْدَةٍ، فَاِنَّ الْمَلَائِکَةَ تَلْعَنُهُ، حَتّٰی یَدَعَهُ وَاِنْ کَانَ اَخَاهُ لِاَبِیْهِ وَاُمِّهِ.**

[ رواہ مسلم، کتاب البر والصلة : 6666 ]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابو القاسم ﷺ نے فرمایا: جو کوئی اپنے بھائی کی طرف لوہے سے اشارہ کرے تو بے شک فرشتے اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ وہ اس سے باز آ جائے اور اگرچہ وہ اس کا سگا بھائی ہو۔

16. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ.**

[ رواہ البخاری، کتاب المظالم: 2447 ]

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ظلم قیامت کے روز اندھیروں کی صورت میں ہوگا۔

17. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما، اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَی الْیَمَنِ، فَقَالَ: **اِتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهَا لَیْسَ بَیْنَهَا وَ بَیْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ.**

[ رواہ البخاری، کتاب المظالم : 2448 ]

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ بے شک نبی کریم ﷺ نے معاذ رضی اللہ عنہ کو (عامل بنا کر) یمن بھیجا تو فرمایا: مظلوم کی فریاد سے ڈرتے رہنا کہ بے شک اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہوتا۔

18. عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اُنْصُرْ اَخَاکَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُوْمًا، قَالُوْا: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ، هٰذَا نَنْصُرُهُ مَظْلُوْمًا، فَکَیْفَ نَنْصُرُهُ ظَالِمًا؟ قَالَ: تَاْخُذُ فَوْقَ یَدَیْهِ.** [ رواہ البخاری، کتاب المظالم : 2444 ]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم۔ صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم مظلوم کی مدد تو کر سکتے ہیں لیکن ظالم کی مدد کس طرح کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ظلم سے اس کا ہاتھ پکڑ لو۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

19. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما يَقُولُ: نَهَى النَّبِيُّ ﷺ اَنْ يَقْرُنَ الرَّجُلُ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ جَمِيْعًا حَتّٰى يَسْتَأْذِنَ اَصْحَابَهُ . [ رواه البخاری، کتاب الشرکة : 2489 ]

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے منع فرمایا کہ کوئی شخص دو دو کھجوریں ایک ساتھ ملا کر کھائے یہاں تک کہ وہ اپنے ساتھیوں سے اجازت لے لے۔

20. عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ اَخَذَ شَيْئًا مِنَ الْاَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ خُسِفَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلٰى سَبْعِ اَرْضِيْنَ . [ رواه البخاری، کتاب بدء الخلق : 3196 ]

سالمؒ نے اپنے والد سے روایت کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی زمین میں سے کچھ بھی ناحق لے لیا تو قیامت کے دن اسے سات زمینوں تک دھنسایا جائے گا۔

21. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ مَظْلِمَةٌ لِاَخِيْهِ فَلْيَتَحَلَّلْهُ مِنْهَا، فَاِنَّهُ لَيْسَ ثَمَّ دِيْنَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُؤْخَذَ لِاَخِيْهِ مِنْ حَسَنَاتِهِ، فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ اُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ اَخِيْهِ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ.

[ رواه البخاری، کتاب الرقاق : 6534 ]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے کسی بھائی پر ظلم کیا ہو تو اسے چاہیے کہ اس سے (دنیا میں) معاف کروا لے۔ کیونکہ وہاں درہم و دینار نہ ہونگے پہلے اس کے بھائی کے لیے اس کی نیکیوں میں سے حق دلایا جائے گا اور اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہونگی تو اس کے بھائی (مظلوم) کی برائیاں اس پر ڈال دی جائیں گی۔

22. عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَيُّ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ. [ رواه البخاری، کتاب الایمان : 11 ]

سیدنا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لوگوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کس کا اسلام افضل ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: جس کے زبان اور ہاتھ سے مسلمان سلامتی میں رہیں۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

23. عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَاِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ، وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَكُوْنَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، وَاَقْضِیَ لَهُ عَلٰی نَحْوِ مِمَّا اَسْمَعُ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ مِنْ حَقِّ اَخِيْهِ شَيْئًا فَلَا يَاْخُذْ فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ. [رواه البخاری، کتاب الحیل:6967]

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے ہی جیسا انسان ہوں اور بعض اوقات جب تم باہمی جھگڑا لاتے ہو تو ممکن ہے کہ تم میں سے بعض اپنے فریق مخالف کے مقابلے میں اپنا مقدمہ پیش کرنے میں زیادہ چالاکی سے بولنے والے ہوں اور اس طرح میں اس کے مطابق فیصلہ کر دوں جو میں تم سے سنتا ہوں۔ پس میں جس شخص کے لیے بھی اس کے بھائی کے حق میں سے کسی چیز کا فیصلہ کروں تو وہ اسے نہ لے کیونکہ اس طرح میں اسے جہنم کا ایک ٹکڑا دیتا ہوں۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الصَّبْرُ

## صبر

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ...[البقرۃ: 153]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے لوگو جو ایمان لائے ہو، صبر اور نماز سے مدد لو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ...اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ○ [الزمر: 10]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: بے شک صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بے حساب دیا جائے گا۔

24. عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اَلْمُؤْمِنُ الَّذِیْ یُخَالِطُ النَّاسَ، وَیَصْبِرُ عَلٰی اَذَاهُمْ، اَعْظَمُ اَجْرًا مِنَ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ لَا یُخَالِطُ النَّاسَ، وَلَا یَصْبِرُ عَلٰی اَذَاهُمْ.** [رواہ ابن ماجه، کتاب الفتن: 4032]

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مومن لوگوں کے ساتھ مل کر رہتا ہے اور ان کی ایذا پر صبر کرتا ہے اس کا اجر زیادہ ہے اس مومن سے جو لوگوں کے ساتھ مل کر نہیں رہتا اور نہ ان کی ایذا پر صبر کرتا ہے۔

25. عَنْ صُهَیْبٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **عَجَبًا لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ، اِنَّ اَمْرَهُ كُلَّهُ لَهُ خَیْرٌ، وَلَیْسَ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ، اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ، فَكَانَ خَیْرًا لَهُ، وَاِنْ اَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ، فَكَانَ خَیْرًا لَهُ.** [رواہ مسلم، کتاب الزهد: 7500]

سیدنا صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مومن کا معاملہ بھی عجیب ہے، بے شک اس کے ہر معاملے میں اس کے لیے خیر ہے اور یہ صرف مومن ہی کے لیے ہے۔ اگر اسے خوشی پہنچے تو وہ شکر ادا کرتا ہے جو اس کے لیے خیر ہے اور اگر اسے تکلیف پہنچے تو صبر کرتا ہے جو اس کے لیے خیر ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

26. عَنِ النَّضُرِ بُنِ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ اَنَسٌ رضی اللہ عنہ لَوُ لَا اَنِّیُ سَمِعُتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُولُ: **لَا تَتَمَنَّوُا الُمَوُتَ لَتَمَنَّیُتُ**. [رواہ البخاری، کتاب التمنی: 7233]

نضر بن انسؒ سے روایت ہے کہ سیدنا انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر میں نے نبی کریم ﷺ سے یہ نہ سنا ہوتا کہ ''موت کی تمنا نہ کرو'' تو میں ضرور تمنا کرتا۔

27. عَنُ اَبِیُ هُرَیُرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: یَقُولُ اللّٰهُ تَعَالٰی: **مَالِعَبُدِیَ الُمُؤُمِنِ عِنُدِیُ جَزَاءٌ اِذَا قَبَضُتُ صَفِیَّهُ مِنُ اَهُلِ الدُّنُیَا، ثُمَّ احُتَسَبَهُ اِلَّا الُجَنَّةَ**.

[رواہ البخاری، کتاب الرقاق: 6424]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے مومن بندے کے لیے میرے پاس جنت کے سوا کوئی جزا نہیں کہ جب میں اس کا کوئی عزیز دنیا سے اٹھا لوں اور وہ اس پر ثواب کی نیت سے صبر کر لے۔

28. عَنُ ثَابِتٍ قَالَ: سَمِعُتُ اَنَسًا رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **اَلصَّبُرُ عِنُدَ الصَّدُمَةِ الُاُولٰی**. [رواہ البخاری، کتاب الجنائز: 1302]

ثابتؒ سے روایت ہے کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: صبر صدمے کے آغاز میں ہوتا ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الشُّكْرُ

# شکر

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ... وَ کُنْ مِّنَ الشّٰکِرِیْنَO [الاعراف: 144]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور شکر کرنے والوں میں سے ہو جاؤ۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ وَاشْکُرُوْا لِیْ وَلَا تَکْفُرُوْنِO [البقرۃ: 152]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: پس تم مجھے یاد رکھو میں تمہیں یاد رکھوں گا، اور میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَلَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِکْمَةَ اَنِ اشْکُرْ لِلّٰهِ وَمَنْ یَّشْکُرْ فَاِنَّمَا یَشْکُرُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌO [لقمان: 12]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور البتہ تحقیق ہم نے لقمان کو حکمت عطا کی تھی کہ اللہ کا شکر گزار ہو اور جو کوئی شکر کرے گا تو بے شک وہ اپنے لیے شکر کرے گا اور جو کفر کرے گا تو بے شک اللہ بے نیاز تعریف والا ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّکُمْ لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ وَلَئِنْ کَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِیْ لَشَدِیْدٌO [ابراهیم: 7]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جب تمہارے رب نے خبردار کر دیا تھا کہ البتہ اگر تم نے شکر ادا کیا تو میں تمہیں اور زیادہ دوں گا اور البتہ اگر تم نے ناشکری کی تو بے شک میرا عذاب بہت شدید ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَکُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِیْلًا مَّا تَشْکُرُوْنَO [السجدة: 9]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: پھر اس کو درست کیا اور اس کے اندر اپنی روح میں سے پھونکا اور اس نے تمہارے کان، آنکھیں اور دل بنائے کتنا تھوڑا تم شکر ادا کرتے ہو۔

29. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: لَا یَشْکُرُ اللّٰهَ مَنْ لَا یَشْکُرُ النَّاسَ.

[ رواه أبو داؤد، كتاب الأدب: 4811 ]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں کا شکر گزار نہیں وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکر گزار نہیں۔

30. عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ عَلَى الْمِنبَرِ: **مَنْ لَمْ يَشْكُرِ الْقَلِيلَ، لَمْ يَشْكُرِ الْكَثِيرَ، وَمَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ، وَالتَّحَدُّثُ بِنِعْمَةِ اللّٰهِ شُكْرٌ، وَتَرْكُهَا كُفْرٌ، وَالْجَمَاعَةُ رَحْمَةٌ، وَالْفُرْقَةُ عَذَابٌ.**

[ رواه أحمد، ج:30، 18449 ]

سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر فرمایا: جو تھوڑے پر شکر ادا نہیں کرتا وہ زیادہ پر بھی شکر ادا نہیں کر سکتا، جو لوگوں کا شکر گزار نہیں وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکر گزار نہیں، اور اللہ کی نعمتوں کا اظہار شکر ہے اور ان کو چھوڑ دینا ناشکری، اور جماعت پر رحمت اور فرقہ بندی عذاب ہے۔

31. عَنْ زِيَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ الْمُغِيرَةَ رضی اللہ عنہ يَقُولُ: إِنْ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ لَيَقُومُ أَوْ لَيُصَلِّي حَتّٰى تَرِمَ قَدَمَاهُ أَوْ سَاقَاهُ: فَيُقَالُ لَهُ، فَيَقُولُ: **أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا؟**

[رواه البخاري، كتاب التهجد : 1130 ]

زیادؒ کہتے ہیں کہ میں نے مغیرہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے سنا کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم قیام فرماتے یا نماز پڑھتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں پاؤں یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دونوں پنڈلیوں پر ورم آجاتا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق پوچھا جاتا تو فرماتے کہ کیا بھلا میں اللہ کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟

32. عَنْ أَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ: **أَنَّهُ كَانَ إِذَا جَاءَهُ أَمْرُ سُرُورٍ أَوْ بُشِّرَ بِهِ خَرَّ سَاجِدًا شَاكِرًا لِلّٰهِ.** [ رواه أبو داؤد، كتاب الجهاد : 2774 ]

سیدنا ابو بکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کوئی خوشی کی بات آتی یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی خوش خبری دیے جاتے تو اللہ کا شکر ادا کرنے کے لیے سجدے میں گر پڑتے۔

33. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: **اَلطَّاعِمُ الشَّاكِرُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ.** [رواه ابن ماجه، كتاب الصيام :1764 ]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کھانا کھا کر شکر ادا کرنے والا صابر روزہ دار کا درجہ پالیتا ہے۔

34. عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: لَمَّا نَزَلَ فِي الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ مَا نَزَلَ، قَالُوا: فَاَيُّ الْمَالِ نَتَّخِذُ؟ قَالَ عُمَرُ: فَاَنَا اَعْلَمُ لَكُمْ ذٰلِكَ. فَاَوْضَعَ عَلٰى بَعِيْرِهِ. فَاَدْرَكَ النَّبِيَّ ﷺ، وَاَنَا فِيْ اَثَرِهِ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَيُّ الْمَالِ نَتَّخِذُ؟ فَقَالَ: **لِيَتَّخِذْ اَحَدُكُمْ قَلْبًا شَاكِرًا، وَلِسَانًا ذَاكِرًا، وَزَوْجَةً مُؤْمِنَةً، تُعِيْنُ اَحَدَكُمْ عَلٰى اَمْرِ الْآخِرَةِ.**

[ رواه ابن ماجه، كتاب النكاح: 1856 ]

سیدنا ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سونے چاندی کے بارے میں (قرآن میں) نازل ہوا تو لوگوں نے کہا: ہم کون سا مال رکھ سکتے ہیں؟ حضرت عمرؓ نے کہا میں تمہیں بتاتا ہوں پھر اپنے اونٹ کو تیز دوڑایا اور نبی اکرم ﷺ تک جا پہنچے اور میں اُن کے پیچھے تھا۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ ہم کون سا مال رکھ سکتے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ شکر کرنے والا دل اور ذکر کرنے والی زبان اور مومنہ بیوی رکھے جو آخرت کے معاملہ میں تمہاری مدد کرے گی۔

35. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: **لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلٰى امْرَاَةٍ لَا تَشْكُرُ لِزَوْجِهَا وَهِيَ لَا تَسْتَغْنِيْ عَنْهُ.** [رواه البيهقي في السنن الكبرى، ج:7، كتاب القسم والنشوز: 14720]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس عورت کی طرف دیکھے گا بھی نہیں جو اپنے شوہر کی ناشکری کرتی ہے حالانکہ وہ اس سے بے نیاز نہیں رہ سکتی۔

36. عَنْ اَسْمَاءَ ابْنَةِ يَزِيْدِ الْاَنْصَارِيَّةِ: **مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ ﷺ وَاَنَا فِيْ جَوَارٍ اَتْرَابٍ لِيْ، فَسَلَّمَ عَلَيْنَا، وَقَالَ: اِيَّاكُنَّ وَكُفْرَ الْمُنْعِمِيْنَ. وَكُنْتُ مِنْ اَجْرَئِهِنَّ عَلٰى مَسْاَلَتِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! وَمَا كُفْرُ الْمُنْعِمِيْنَ؟ قَالَ: لَعَلَّ اِحْدَاكُنَّ تَطُوْلُ اَيْمَتُهَا مِنْ اَبَوَيْهَا، ثُمَّ يَرْزُقُهَا اللّٰهُ زَوْجًا، وَيَرْزُقُهَا مِنْهُ وَلَدًا، فَتَغْضَبُ**


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

الْغَضْبَةَ فَتَكْفُرُ، فَتَقُوْلُ: مَا رَاَیْتُ مِنْکَ خَیْرًا قَطُّ.

[ رواہ البخاری فی الأدب المفرد : 1048 ]

سیدہ اسماء بنت یزید انصاریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے۔تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سلام کیا اور فرمایا: سنو نعمت دینے والوں کی احسان فراموشی سے بچنا۔ میں سوال کرنے میں اُن سب سے تیز تھی۔ میں نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نعمت دینے والوں کی احسان فراموشی کیا ہے ؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہوسکتا ہے تم میں سے کوئی خاتون ایک لمبا عرصہ اپنے والدین کے گھر گزارے پھر اللہ تعالیٰ اُس کو شوہر نصیب کرے اور اُس سے اُس کو اولاد عطا کرے پھر کسی بات پر غصے میں آکر وہ ناشکری کرے اور کہے کہ مجھے تجھ سے کبھی کوئی بھلائی ملی ہی نہیں۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْخَصْمُ

## جھگڑا

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ○

[یٰس: 77]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: کیا انسان دیکھتا نہیں ہے کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا پھر وہ صریح جھگڑالو بن گیا؟

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی:...وَیُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰی مَا فِیْ قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ○[البقرة: 204]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جو اس کے دل میں ہے وہ اس پر اللہ کو گواہ بناتا ہے حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے۔

37. عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ، اَنَّ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا اَخْبَرَتْهُ قَالَتْ، اِسْتَاْذَنَ رَجُلٌ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: اِئْذَنُوْا لَهُ، بِئْسَ اَخُو الْعَشِیْرَةِ، اَوِ ابْنُ الْعَشِیْرَةِ، فَلَمَّا دَخَلَ اَلَانَ لَهُ الْكَلَامَ، قُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ، قُلْتَ الَّذِیْ قُلْتَ، ثُمَّ اَلَنْتَ لَهُ الْكَلَامَ؟ قَالَ: اَیْ عَائِشَةُ، اِنَّ شَرَّ النَّاسِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ، اَوْ وَدَعَهُ النَّاسُ، اِتِّقَاءَ فُحْشِهٖ. [رواہ البخاری، کتاب الأدب: 6054]

عروہ بن زبیرؒ سے روایت ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں خبر دی کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے اندر آنے کی اجازت چاہی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسے اجازت دے دو، اپنے قبیلے کا کتنا برا آدمی ہے۔ جب وہ شخص اندر آیا تو آپ ﷺ نے اس کے ساتھ بڑی نرمی سے گفتگو کی، میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ ﷺ نے اس کے متعلق جو کہنا تھا ارشاد فرمایا اور پھر اس کے ساتھ نرم گفتگو کی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! بے شک وہ آدمی بدترین ہے جسے اس کی بدکلامی کے ڈر سے لوگ چھوڑ دیں۔

38. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اِنَّ اَبْغَضَ الرِّجَالِ اِلَی اللّٰهِ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ. [رواہ البخاری، کتاب المظالم: 2457]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کے یہاں سب سے زیادہ ناپسندیدہ وہ آدمی ہے جو سخت جھگڑالو ہو۔

39. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّهُ قَالَ: **اَتَدْرُوْنَ مَا الْعِضَةُ ؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: نَقْلُ الْحَدِيْثِ مِنْ بَعْضِ النَّاسِ اِلٰى بَعْضٍ لِيُفْسِدَ بَيْنَهُمْ.**

[رواه البيهقى فى السنن الكبرى، ج:10، باب الشهادات : 21159]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ چغلی کیا ہے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فساد پھیلانے کے لیے ایک کی بات دوسرے تک پہنچانا۔

40. عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: **اَنَا زَعِيْمٌ بِبَيْتٍ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَاِنْ كَانَ مُحِقًّا، وَبِبَيْتٍ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَاِنْ كَانَ مَازِحًا، وَ بِبَيْتٍ فِيْ اَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ.**

[رواه أبو داؤد، كتاب الأدب : 4800]

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس شخص کے لیے جنت کے اطراف میں ایک گھر کا ضامن ہوں جس نے حق پر ہوتے ہوئے بھی جھگڑا چھوڑ دیا اور اس شخص کے لیے جنت کے درمیان میں ایک گھر کا ضامن ہوں جس نے مزاح کے طور پر بھی جھوٹ کا ارتکاب نہیں کیا، اور اس شخص کے لیے جنت کے بلندترین حصے میں گھر کا ضامن ہوں جس نے اپنا اخلاق اچھا کر لیا۔

41. عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: **اِنَّكَ اِنِ اتَّبَعْتَ عَوْرَاتِ النَّاسِ اَفْسَدْتَّهُمْ اَوْ كِدْتَّ اَنْ تُفْسِدَهُمْ.** [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب : 4888]

سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اگر تو لوگوں کے عیوب کے پیچھے پڑ گیا تو تو انہیں بگاڑ دے گا یا قریب ہے کہ تو انہیں بگاڑ دے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

42. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ کُفْرٌ.

[رواہ البخاری، کتاب الایمان : 48]

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس سے جنگ کرنا کفر ہے۔

43. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ فَاَیُّمَا مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهُ فَاجْعَلْ ذٰلِکَ لَهُ قُرْبَةً اِلَیْکَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ. [رواہ البخاری، کتاب الدعوات : 6361]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! میں نے جس مومن کو بھی برا بھلا کہا ہو تو اس کے لیے اسے قیامت کے دن اپنی قربت کا ذریعہ بنا دے۔

44. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: سُئِلَ النَّبِیُّ ﷺ: مَا اَکْثَرُ مَا یُدْخِلُ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: اَلتَّقْوٰی وَحُسْنُ الْخُلُقِ، وَسُئِلَ مَا اَکْثَرُ مَا یُدْخِلُ النَّارَ؟ قَالَ: اَلْاَجْوَفَانِ: اَلْفَمُ وَالْفَرْجُ.

[رواہ ابن ماجہ، کتاب الزہد : 4246]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ سے سوال کیا گیا کہ کون سے اعمال (انسانوں کے) زیادہ جنت میں جانے کا سبب بنیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا ڈر اور اچھا اخلاق اور پوچھا گیا کون سی چیزیں (انسانوں کے) زیادہ جہنم میں جانے کا سبب ہوں گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دو خالی چیزیں: منہ اور شرم گاہ۔

45. عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ یَضْمَنْ لِیْ مَا بَیْنَ لَحْیَیْهِ وَمَا بَیْنَ رِجْلَیْهِ اَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ. [رواہ البخاری، کتاب الرقاق : 6474]

سیدنا سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھے اپنے دونوں جبڑوں کے درمیان کی چیز (زبان) اور اپنی دونوں ٹانگوں کے درمیان کی چیز (شرمگاہ) کی ضمانت دے گا، میں اس کے لیے جنت کا ضامن ہوں گا۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْحَيَاءُ

# شرم وحیا

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: **فَجَاءَ تْهُ اِحْدَاهُمَا تَمْشِيْ عَلَى اسْتِحْيَاءٍ** ... (القصص:25)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اتنے میں ان دونوں عورتوں میں سے ایک ان (موسیٰؑ) کی طرف شرم وحیا سے چلتی ہوئی آئی۔

46. عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اِنَّ لِكُلِّ دِيْنٍ خُلُقًا وَخُلُقُ الْاِسْلَامِ الْحَيَاءُ.** [رواه ابن ماجه، كتاب الزهد:4181]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک ہر دین کی ایک خصلت ہوتی ہے اور اسلام کی خصلت حیا ہے۔

47. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: **اَلْاِيْمَانُ بِضْعٌ وَسِتُّوْنَ شُعْبَةً، وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِيْمَانِ.** [رواه البخاري، كتاب الايمان:9]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ایمان کی ساٹھ سے کچھ اوپر شاخیں ہیں اور حیا بھی ایمان کی ایک شاخ ہے۔

48. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ، وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ، وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ.**

[رواه الترمذي، كتاب البر والصلة:2009]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حیا ایمان میں سے ہے اور ایمان جنت میں لے جاتا ہے اور بے حیائی کوڑا کرکٹ ہے اور کوڑا کرکٹ آگ میں جاتا ہے۔

49. عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ مِنَ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

الْاَنْصَارِ وَهُوَ يَعِظُ اَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **دَعْهُ فَإِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْإِيْمَانِ** . [رواه البخاری، کتاب الایمان:24]

سالم بن عبداللہؒ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ ایک انصاری شخص کے پاس سے گزرے اس حال میں کہ وہ اپنے بھائی کو حیا کے بارے میں وعظ کر رہا تھا تو آپ ﷺ نے اس انصاری سے فرمایا کہ اس کو اس کے حال پر رہنے دو کیونکہ حیا بھی ایمان ہی کا ایک حصہ ہے۔

50. عَنْ اَبِي السَّوَّارِ الْعَدَوِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: **اَلْحَيَاءُ لَا يَأْتِيْ اِلَّا بِخَيْرٍ** . [رواه البخاری، کتاب الأدب:6117]

ابوسوار عدویؒ سے روایت ہے کہ انہوں نے سیدنا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: حیا ہمیشہ بھلائی ہی لاتی ہے۔

51. عَنْ عِمْرَانَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ**.

[رواه مسلم، کتاب الایمان: 157]

سیدنا عمران رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حیا ساری کی ساری خیر ہے۔

52. عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **مَا كَانَ الْفُحْشُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا شَانَهُ، وَمَا كَانَ الْحَيَاءُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا زَانَهُ** . [رواه الترمذی، کتاب البر و الصلة:1974]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس چیز میں بھی بے حیائی ہوتی ہے وہ اسے عیب دار بنا دیتی ہے اور حیا جس چیز میں بھی ہو اسے زینت عطا کرتی ہے۔

53. عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ: **كَانَ النَّبِيُّ ﷺ اَشَدَّ حَيَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِيْ خِدْرِهَا، فَإِذَا رَاٰى شَيْئًا يَكْرَهُهُ عَرَفْنَاهُ فِيْ وَجْهِهِ**. [رواه البخاری، کتاب الأدب:6102]

سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ پردے میں رہنے والی کنواری لڑکی سے بھی زیادہ باحیا تھے، جب آپ ﷺ کوئی ایسی چیز دیکھتے جو آپ ﷺ کو ناگوار ہوتی تو ہم آپ ﷺ کے چہرۂ مبارک سے سمجھ


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

جاتے تھے۔

54. عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ ﷺ: اِنَّ مِمَّا اَدْرَکَ النَّاسُ مِنْ کَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلٰی: اِذَا لَمْ تَسْتَحِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ. [رواہ البخاری، کتاب الأدب: 6120]

سیدنا ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک اگلے پیغمبروں کا جو کلام لوگوں کو ملا اس میں یہ بھی ہے کہ جب تم میں حیا نہ رہے تو پھر جو جی چاہے کرو۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْکَلَامُ

## گفتگو

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: مَایَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَیْهِ رَقِیْبٌ عَتِیْدٌ○ [ق: 18]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: کوئی لفظ اس کی زبان سے نہیں نکلتا مگر اس کے پاس حاضر باش نگران (لکھنے کے لیے) موجود ہوتا ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی : ... وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا... [البقرۃ: 83]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور لوگوں سے بھلی بات کہو۔

55. عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہما عَنِ النَّبِیِّ قَالَ: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَیَدِهٖ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَی اللّٰهُ عَنْهُ.

[رواہ البخاری، کتاب الایمان: 10]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے (دوسرے) مسلمان محفوظ رہیں اور مہاجر وہ ہے جو اُن کاموں کو چھوڑ دے جن سے اللہ نے منع کیا ہے۔

56. عَنْ عَلِیٍّ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ ﷺ: اِنَّ فِی الْجَنَّةِ غُرَفًا تُرٰی ظُهُوْرُهَا مِنْ بُطُوْنِهَا، وَبُطُوْنُهَا مِنْ ظُهُوْرِهَا، فَقَامَ اَعْرَابِیٌّ فَقَالَ: لِمَنْ هِیَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ؟ فَقَالَ: لِمَنْ اَطَابَ الْکَلَامَ، وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَاَدَامَ الصِّیَامَ، وَصَلّٰی بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ. [رواہ الترمذی، کتاب البر والصلۃ: 1984]

سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں بالا خانے ہیں ان کا باہر ان کے اندر سے اور ان کا اندر ان کے باہر سے دکھائی دیتا ہے تو ایک اعرابی کھڑا ہوا اور اس نے عرض کی کہ اے اللہ کے رسول ﷺ وہ کس کے لیے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا جو خوش کلامی کرے اور کھانا کھلائے اور اکثر روزہ رکھے اور رات



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کو جب لوگ سوتے ہوں نماز پڑھے۔

57. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **اِنَّ الْعَبْدَ لَیَتَکَلَّمُ بِالْکَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لَا یُلْقِیْ لَهَا بَالًا یَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَاتٍ، وَاِنَّ الْعَبْدَ لَیَتَکَلَّمُ بِالْکَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا یُلْقِیْ لَهَا بَالًا یَهْوِیْ بِهَا فِیْ جَهَنَّمَ.** [رواه البخاري، كتاب الرقاق: 6478]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک بندہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی ایک بات زبان سے نکالتا ہے، اسے وہ کوئی اہمیت نہیں دیتا مگر اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے درجے بلند کر دیتا ہے اور ایک دوسرا بندہ ایک ایسا کلمہ زبان سے نکالتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث ہوتا ہے وہ اسے کوئی اہمیت نہیں دیتا لیکن اس کی وجہ سے وہ جہنم میں جا گرتا ہے۔

58. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قِیْلَ لِلنَّبِیِّ ﷺ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اِنَّ فُلَانَةَ تَقُوْمُ اللَّیْلَ وَتَصُوْمُ النَّهَارَ، وَتَفْعَلُ، وَتَصَّدَّقُ، وَتُؤْذِیْ جِیْرَانَهَا بِلِسَانِهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **لَا خَیْرَ فِیْهَا، هِیَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ.** قَالُوْا: وَفُلَانَةُ تُصَلِّی الْمَکْتُوْبَةَ وَتَصَّدَّقُ بِاَثْوَارٍ، وَلَا تُؤْذِیْ اَحَدًا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **هِیَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ.**

[رواه البخاري في الأدب المفرد، باب لا يؤذي جاره: 119]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا گیا: اے اللہ کے رسول ﷺ فلاں عورت رات کو قیام کرتی ہے اور دن کو روزہ رکھتی ہے اور عمل بھی کرتی ہے اور صدقہ بھی کرتی ہے اور اپنے پڑوسی کو اپنی زبان سے اذیت دیتی ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس عورت میں کوئی خیر نہیں، وہ آگ والوں میں سے ہے۔ لوگوں نے کہا: اور فلاں عورت فرض نماز پڑھتی ہے اور معمولی صدقہ بھی کرتی ہے اور کسی کو اذیت نہیں دیتی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ جنت والوں میں سے ہے۔

59. عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: **کَانَ کَلَامُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ کَلَامًا فَصْلًا یَفْهَمُهُ کُلُّ مَنْ سَمِعَهُ.** [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب: 4839]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْمَجَالِسُ

## مجالس

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِى الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا... [المجادلة :11]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب تم سے کہا جائے کہ مجلسوں میں کشادگی پیدا کرو تو کشادگی کر دیا کرو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ... [المجادلة : 9]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جب تم سرگوشی کرو تو گناہ، ظلم اور پیغمبر کی نافرمانی کی سرگوشی نہ کیا کرو۔

66.عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَاَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ قَالَ: **لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ، وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ، وَنَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ، وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهُ.**

[رواه مسلم، كتاب الذكر والدعاء :6855]

سیدنا ابوہریرہ اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما دونوں گواہی دیتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو لوگ بھی اللہ عزوجل کا ذکر کرنے بیٹھتے ہیں تو فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں اور رحمت ان پر چھا جاتی ہے اور سکینت ان پر نازل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر ان میں فرماتا ہے جو اس کے پاس ہیں۔

67. عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **مَا مِنْ قَوْمٍ يَقُوْمُوْنَ مِنْ مَجْلِسٍ لَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ فِيْهِ اِلَّا قَامُوْا عَنْ مِثْلِ جِيْفَةِ حِمَارٍ! وَكَانَ لَهُمْ حَسْرَةً.**

[رواه أبو داؤد، كتاب الأدب:4855]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگ کسی مجلس سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیے بغیر اٹھ جاتے ہیں تو وہ ایسے ہیں جیسے وہ کسی مردار گدھے کے پاس سے اٹھے ہوں اور یہ مجلس ان کے لیے (قیامت کے روز) حسرت کا باعث ہوگی۔

68. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: **مَاجَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْهِ وَلَمْ يُصَلُّوْا عَلٰى نَبِيِّهِمْ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً فَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَاِنْ شَاءَ غَفَرَلَهُمْ** . [رواہ الترمذی، کتاب الدعوات:3380]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مجلس میں لوگ اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کرتے اور نہ اپنے نبی پر درود بھیجتے ہیں وہ ان کے لیے نقصان دہ ہوگی۔ پھر اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو ان کو عذاب دے اور چاہے تو بخش دے۔

69. عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: **كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْاَيَّامِ كَرَاهَةَ السَّامَةِ عَلَيْنَا** . [رواہ البخاری، کتاب العلم : 68]

سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں نصیحت فرمانے کے لیے کچھ دن مقرر کر دیتے تھے اس ڈر سے کہ کہیں ہم اکتا نہ جائیں۔

70. عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: **خَيْرُ الْمَجَالِسِ اَوْسَعُهَا**. [رواہ أبو داؤد، کتاب الأدب:4820]

سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا: کہ بہترین مجالس وہ ہیں جو فراخ ہوں۔

71. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: **لَا يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ**. [رواہ البخاری، کتاب الأدب :6269]

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو اس کے بیٹھنے کی جگہ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سے نہ اٹھائے کہ خود وہاں بیٹھ جائے۔

72. عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: **لَا يُجْلَسُ بَيْنَ رَجُلَيْنِ اِلَّا بِاِذْنِهِمَا.** [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب:4844]

عمرو بن شعیبؒ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی شخص دو آدمیوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر نہ بیٹھ جائے۔

73. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: **اِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَتَنَاجٰى رَجُلَانِ دُوْنَ الْآخَرِ حَتّٰى تَخْتَلِطُوْا بِالنَّاسِ، اَجْلَ اَنَّ ذٰلِكَ يُحْزِنَهُ.**

[رواه البخاري، كتاب الاستئذان:6290]

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب تم تین آدمی موجود ہو تو دو آدمی اپنے (تیسرے) ساتھی کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی نہ کریں یہاں تک کہ تم اور لوگوں سے مل جاؤ، اس لیے کہ ایسا کرنا اس کو غمگین کر دے گا۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الْاَمَانَةُ

## امانت

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا... [النسآء:58]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں ان کے اہل کے سپرد کردو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ [الانفال:27]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت نہ کرو اور تم اپنی امانتوں میں غدّاری کے مرتکب ہوتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی:... اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ○ [الانفال: 58]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: بے شک اللہ خیانت کرنے والوں سے محبت نہیں کرتا ہے۔

74. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ فِی الْخُطْبَةِ: لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهُ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ. [رواه ابن حبان، كتاب الايمان:194]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے خطاب کیا تو خطبہ میں فرمایا: اس میں ایمان نہیں جس میں امانت نہیں اور اس کا دین نہیں جس میں عہد کی پابندی نہیں۔

75. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَدِّ الْاَمَانَةَ اِلٰى مَنِ ائْتَمَنَكَ، وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ. [رواه أبو داؤد، كتاب البيوع:3535]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے تمہارے پاس امانت رکھی ہے اس کی امانت ادا کرو اور جس نے تم سے خیانت کی ہے اس سے خیانت نہ کرو۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

76. عَنْ خَوْلَةَ الْاَنْصَارِيَّةِ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ: اِنَّ رِجَالًا یَتَخَوَّضُوْنَ فِیْ مَالِ اللّٰهِ بِغَیْرِ حَقٍّ فَلَهُمُ النَّارُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ.

[رواہ البخاری، کتاب فرض الخمس :3118]

سیدہ خولہ انصاریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک کچھ لوگ اللہ کے مال میں ناجائز تصرف کرتے ہیں پس ان کے لیے قیامت کے دن آگ ہے۔

77. عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الْحَدِیْثَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِیَ اَمَانَةٌ. [رواہ الترمذی، کتاب البر و الصلة :1959]

سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جب کوئی شخص تم سے کوئی بات کہے اور پھر وہ اِدھر اُدھر دیکھے تو وہ بات تمہارے پاس امانت ہے۔

78. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: اَرْدَفَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ذَاتَ یَوْمٍ خَلْفَهُ، فَاَسَرَّ اِلَیَّ حَدِیْثًا، لَا اُحَدِّثُ بِهِ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ. [رواہ مسلم، کتاب فضائل الصحابة: 6270]

سیدنا عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن مجھے اپنے پیچھے بٹھایا اور آہستہ سے ایک بات فرمائی جس کو میں کسی سے بیان نہ کروں گا۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْمَسْئُوْلِيَّةُ

## ذمہ داری

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: یٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰکَ خَلِیْفَۃً فِی الْاَرْضِ فَاحْکُمْ بَیْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْھَوٰی فَیُضِلَّکَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ۝ [صٓ: 26]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے داؤد، ہم نے تجھے زمین میں خلیفہ بنایا ہے تو لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر اور خواہش نفس کی پیروی نہ کر کہ وہ تجھے اللہ کی راہ سے بھٹکا دے گی۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: تِلْکَ الدَّارُ الْاٰخِرَۃُ نَجْعَلُھَا لِلَّذِیْنَ لَا یُرِیْدُوْنَ عُلُوًّا فِی الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ۝ [القصص:83]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وہ آخرت کا گھر ہم بنا دیں گے اس کو اُن لوگوں کے لیے جو زمین میں نہ اپنی بڑائی چاہتے ہیں اور نہ فساد اور انجام متقین ہی کے لیے ہے۔

79. عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ ﷺ: اَلْخَازِنُ الْاَمِیْنُ الَّذِیْ یُؤَدِّیْ مَااُمِرَ بِہٖ طَیِّبٌ نَفْسُہٗ اَحَدُ الْمُتَصَدِّقِیْنَ. [رواہ البخاری، کتاب الاجارۃ: 2260]

سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: امانت دار خزانچی وہ ہے کہ جب اس کو کوئی حکم دیا جائے اور وہ اسے دل کی فراخی کے ساتھ پورا کرے تو وہ دو صدقہ کرنے والوں میں سے ایک ہے۔

80. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ، وَالْاَمِیْرُ رَاعٍ وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ، وَالْمَرْاَۃُ رَاعِیَۃٌ عَلٰی بَیْتِ زَوْجِھَا وَوَلَدِہٖ، فَکُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ.

[رواہ البخاری، کتاب النکاح: 5200]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ پس امیر نگران ہے اور آدمی اپنے گھر والوں پر نگران ہے اور عورت اپنے شوہر کے گھر اور اس کے بچوں پر نگران ہے، پس تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک سے اس کی رعیت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

81. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہما، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: **اَلْعَبْدُ اِذَا نَصَحَ سَيِّدَهُ وَاَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ كَانَ لَهُ اَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ.** [رواہ البخاری، کتاب العتق: 2546]

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلام جو اپنے مالک کی خیر خواہی کرتا ہے اور اپنے رب کی عبادت بھی تمام حسن وخوبی کے ساتھ کرے تو اسے دوگنا ثواب ملتا ہے۔

82. عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: **يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ! لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ اُعْطِيْتَهَا، عَنْ مَسْاَلَةٍ، وُكِلْتَ اِلَيْهَا وَاِنْ اُعْطِيْتَهَا، عَنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ، اُعِنْتَ عَلَيْهَا.** [رواہ مسلم، کتاب الامارۃ: 4715]

سیدنا عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! تم حکومت کے کسی منصب کا سوال نہ کرنا اس لیے کہ اگر یہ منصب تجھے سوال کرنے سے ملے گا تو پھر یہ تیرے سپرد کر دیا جائے گا اور یہ اگر تجھے بغیر سوال کئے مل گیا تو اس پر تیری مدد ہوگی۔

83. عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ زِيَادٍ عَادَ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ. فَقَالَ لَهُ مَعْقِلٌ: اِنِّيْ مُحَدِّثُكَ حَدِيْثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: **مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيْهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً فَلَمْ يَحُطْهَا بِنُصْحِهِ [اِلَّا] لَمْ يَجِدْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ.** [رواہ البخاری، کتاب الاحکام: 7150]

حسنؒ سے روایت ہے کہ عبیداللہ بن زیاد معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لیے اس مرض میں گئے جس میں ان کا انتقال ہوا تو معقل رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا میں تمہیں ایک حدیث سناتا ہوں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سنی تھی۔ نبی ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ کو کسی رعیت کا حاکم بناتا ہے اور وہ اس کی خیر خواہی کے ساتھ حفاظت نہیں کرتا تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہ پائے گا۔

84. عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: خَدَمْتُ النَّبِيَّ ﷺ عَشْرَ سِنِيْنَ فَمَا قَالَ لِيْ: اُفٍّ وَلَا لِمَ صَنَعْتَ؟ وَلَا اَلَّا صَنَعْتَ. [رواہ البخاری، کتاب الأدب :6038]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے دس سال نبی کریم ﷺ کی خدمت کی لیکن آپ نے کبھی مجھے "اُف" تک نہیں کہا اور نہ کبھی یہ کہا کہ فلاں کام کیوں کیا اور فلاں کام کیوں نہ کیا۔

85. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اِذَا اَتٰى اَحَدَكُمْ خَادِمُهُ بِطَعَامِهِ، فَاِنْ لَمْ يُجْلِسْهُ مَعَهُ فَلْيُنَاوِلْهُ لُقْمَةً اَوْ لُقْمَتَيْنِ، اَوْ اُكْلَةً اَوْ اُكْلَتَيْنِ، فَاِنَّهُ وَلِيَ عِلَاجَهُ. [رواہ البخاری، کتاب العتق :2557]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب کسی کا خادم کھانا لائے اور وہ اسے اپنے ساتھ (کھلانے کے لیے) نہ بٹھا سکے تو اسے ایک یا دو نوالے ضرور کھلا دے کیونکہ اس نے اسے تیار کرنے کی تکلیف اٹھائی ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الْكِذْبُ

## جھوٹ

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی : . . . اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌO[الزمر: 3]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: بے شک اللہ کسی ایسے شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو جھوٹا اور منکر حق ہو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَO[التوبۃ: 119]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔

86. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِيْ اِلَى الْبِرِّ، وَاِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ اِلَى الْجَنَّةِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يَكُوْنَ صِدِّيْقًا، وَاِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِيْ اِلَى الْفُجُوْرِ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِيْ اِلَى النَّارِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا. [رواه البخاری، کتاب الأدب: 6094]

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک سچ آدمی کو نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے اور آدمی سچ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ صدیق کا مرتبہ حاصل کر لیتا ہے۔ اور بے شک جھوٹ آدمی کو برائی کی طرف لے جاتا ہے اور برائی جہنم کی طرف لے جاتی ہے اور آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت جھوٹا لکھ لیا جاتا ہے۔

87. عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! مَا النَّجَاةُ؟ قَالَ: اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ.

[رواه الترمذی، کتاب الزهد: 2406]

سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! نجات کا ذریعہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی زبان کو قابو میں رکھو، اپنے گھر میں رہو اور اپنے گناہوں پر روؤ۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

88. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ: اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ، وَاِذَا اُئْتُمِنَ خَانَ. [رواه البخاری، کتاب الایمان:33]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: منافق کی علامتیں تین ہیں۔ جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو اس کے خلاف کرے اور جب اس کو امین بنایا جائے تو خیانت کرے۔

89. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ اَنَّهُ قَالَ: دَعَتْنِیْ اُمِّیْ یَوْمًا وَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قَاعِدٌ فِیْ بَیْتِنَا، فَقَالَتْ: هَا تَعَالَ اُعْطِیْكَ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: وَمَا اَرَدْتِّ اَنْ تُعْطِیْهِ؟ قَالَتْ: اُعْطِیْهِ تَمْرًا، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَمَا اِنَّكِ لَوْلَمْ تُعْطِهِ شَیْئًا كُتِبَتْ عَلَیْكِ كِذْبَةٌ. [رواه أبوداوٗد، کتاب الادب:4991]

سیدنا عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میری ماں نے مجھے ایک دن بلایا اور رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے تو انہوں نے کہا کہ ادھر آؤ میں تمہیں ایک چیز دوں گی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا تم نے کیا دینے کا ارادہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا میں کھجور دوں گی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ان کو کہا اگر تم اس کو کچھ نہ دیتی تو تمہارے اوپر ایک جھوٹ کا گناہ لکھا جاتا۔

90. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: كَفٰی بِالْمَرْءِ كَذِبًا اَنْ یُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ. [رواه مسلم:8]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات کو آگے بیان کر دے۔

91. عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ حُمَیْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَخْبَرَهُ اَنَّ اُمَّهُ اُمَّ كُلْثُوْمٍ بِنْتَ عُقْبَةَ اَخْبَرَتْهُ: اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ: لَیْسَ الْكَذَّابُ الَّذِیْ یُصْلِحُ بَیْنَ النَّاسِ فَیَنْمِیْ خَیْرًا اَوْ یَقُوْلُ خَیْرًا. [رواه البخاری، کتاب الصلح:2692]

ابن شہاب رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں کہ حمید بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ نے انہیں خبر دی کہ ان کی (حمید کی) والدہ سیدہ ام کلثوم


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بنت عقبہ رضی اللہ عنہا نے انہیں خبر دی کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا تھا کہ جھوٹا وہ نہیں ہے جو لوگوں میں باہم صلح کرانے کی کوشش کرے اور اس کے لیے کسی اچھی بات کی چغلی کھائے یا اسی سلسلہ کی کوئی اور اچھی بات کہہ دے۔

92. عَنْ اَبِی الْحَوْرَاءِ السَّعْدِیِّ قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ مَا حَفِظْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: **دَعْ مَا یَرِیْبُکَ اِلٰی مَا لَا یَرِیْبُکَ، فَاِنَّ الصِّدْقَ طُمَأْنِیْنَةٌ وَ اِنَّ الْکَذِبَ رِیْبَةٌ.**

[رواه الترمذی، کتاب صفة القیامة:2518]

ابوحوراء سعدیؒ سے روایت ہے کہ میں نے سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا یاد ہے؟ انھوں نے فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے یہ الفاظ یاد ہیں: وہ چیز چھوڑ دے جو تجھے شک میں ڈالے اور اس کو اختیار کر جس کے بارے میں تجھے شک وشبہ نہ ہو۔ بے شک سچ اطمینان کا باعث ہے اور بے شک جھوٹ شک کا سبب ہے۔

93. عَنْ بَهْزِ بْنِ حَکِیْمٍ قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: **وَیْلٌ لِلَّذِیْ یُحَدِّثُ فَیَکْذِبُ لِیُضْحِکَ بِهِ الْقَوْمُ، وَیْلٌ لَهُ، وَیْلٌ لَهُ.**

[رواه أبو داؤد، کتاب الأدب:4990]

بہز بن حکیمؒ اپنے والد سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہلاکت ہے اس شخص کے لیے جو لوگوں کو ہنسانے کے لیے جھوٹ بولے، ہلاکت ہے اس کے لیے، ہلاکت ہے اس کے لیے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْمِزَاحُ

## مزاح

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًاo [الأحزاب:70]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے ایمان لانے والو، اللہ سے ڈرو اور ٹھیک بات کیا کرو۔

94. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اِنَّكَ تُدَاعِبُنَا؟ قَالَ: اِنِّیْ لَا اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا. [رواه الترمذی، کتاب البر والصلة: 1990]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہؓ نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ ﷺ بعض اوقات ہمارے ساتھ خوش طبعی کی باتیں کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ میں حق بات ہی کہتا ہوں۔

95. عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَكُنْتَ تُجَالِسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ؟ قَالَ: نَعَمْ، كَثِيْرًا، كَانَ لَا يَقُوْمُ مِنْ مُصَلَّاهُ الَّذِیْ يُصَلِّیْ فِيْهِ الصُّبْحَ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ، فَاِذَا طَلَعَتْ قَامَ، وَكَانُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ فَيَاْخُذُوْنَ فِیْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَيَضْحَكُوْنَ، وَيَتَبَسَّمُ ﷺ. [رواه مسلم، کتاب الفضائل:6035]

سماک بن حربؒ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا تم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھا کرتے تھے؟ انہوں نے کہا ہاں، بہت بیٹھا کرتا تھا، آپ ﷺ جہاں فجر کی نماز پڑھتے وہاں سے نہ اٹھتے یہاں تک کہ آفتاب نکل آتا تو آپ ﷺ اٹھتے اور لوگ باتیں کرتے اور جاہلیت کے کاموں کا ذکر کرتے اور ہنستے اور آپ ﷺ تبسم فرماتے۔

96. عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اِحْمِلْنِیْ، فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ: اِنَّا حَامِلُوْكَ عَلٰی وَلَدِ نَاقَةٍ. قَالَ: وَمَا اَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ؟ فَقَالَ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

النَّبِيُّ ﷺ: وَهَلْ تَلِدُ الْإِبِلَ إِلَّا النُّوقُ. [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب:4998]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا: اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی سواری عنایت فرمائیں۔ تو نبی ﷺ نے فرمایا: بے شک سواری کے لیے میں تجھ کو اونٹنی کا بچہ دوں گا۔ اس نے کہا: میں اونٹنی کے بچے کو کیا کروں گا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: اونٹ کو بھی تو اونٹنی ہی جنتی ہے۔

97. عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِنْ اَدَمٍ، فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ وَقَالَ ادْخُلْ، فَقُلْتُ: اَكُلِّيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ؟ قَالَ: كُلُّكَ، فَدَخَلْتُ. [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب:5000]

سیدنا عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں غزوۂ تبوک میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا۔ آپ ﷺ چمڑے کے خیمے میں تھے میں نے سلام کیا۔ آپ ﷺ نے جواب دیا اور فرمایا: اندر آ جاؤ، میں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ پورے کا پورا اندر آ جاؤں؟ فرمایا ہاں پورے کا پورا، تو میں اندر داخل ہو گیا۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلتَّبَسُّمُ

## مسکراہٹ

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صٰلِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ○ [النمل:19]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: (سلیمانؑ اس کی بات پر) مسکراتے ہوئے ہنس پڑے اور بولے اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جو تُو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائی اور یہ کہ ایسا نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو جائے اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں داخل کر۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ○ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ○ [عبس:38-39]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اس دن بہت سے چہرے روشن ہوں گے۔ ہنستے ہوئے، خوش وخرم ہوں گے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰی○ [النجم:43]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور یہ کہ وہی ہنساتا ہے اور وہی رلاتا ہے۔

98. عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ یَقُوْلُ: مَا رَاَیْتُ اَحَدًا كَانَ اَكْثَرَ تَبَسُّمًا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ. [رواه أحمد، ج:29، 17704]

سیدنا عبداللہ بن الحارث بن جزء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ کسی کو مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا۔

99. عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ: قَالَ لِیَ النَّبِیُّ ﷺ: لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَیْئًا وَلَوْ اَنْ تَلْقٰی اَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ. [رواه مسلم، كتاب البر و الصلة:6690]

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے مجھ سے فرمایا: نیکی میں کسی چیز کو حقیر نہ سمجھو اگرچہ تو اپنے بھائی



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سے کشادہ پیشانی کے ساتھ ملے۔

100. عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: **تَبَسُّمُکَ فِیْ وَجْہِ اَخِیْکَ لَکَ صَدَقَةٌ.** [رواہ الترمذی، کتاب البر و الصلة:1956]

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے بھائی کو مسکرا کر دیکھنا بھی تیرے لیے صدقہ ہے۔

101. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: **مَا رَاَیْتُ النَّبِیَّ ﷺ مُسْتَجْمِعًا قَطُّ ضَاحِکًا حَتّٰی اَرٰی مِنْهُ لَهَوَاتِهِ، اِنَّمَا کَانَ یَتَبَسَّمُ.** [رواہ البخاری، کتاب الأدب : 6092]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو اس طرح کھل کر کبھی ہنستے نہیں دیکھا کہ آپ ﷺ کے حلق کا کوا نظر آنے لگتا ہو، آپ ﷺ صرف مسکراتے تھے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الْغَضَبُ

## غصہ

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى : ... وَإِذَامَاغَضِبُوْاهُمْ يَغْفِرُوْنَ ۝ [الشورىٰ:37]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جب وہ غضب ناک ہوتے ہیں وہ معاف کردیتے ہیں۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى:... وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ... [آل عمران:134]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور غصہ پی جانے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے۔

102. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: **لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ، إِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِیْ يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ.** [رواه البخاري، كتاب الأدب: 6114]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پہلوان وہ نہیں ہے جو کشتی لڑنے میں غالب ہو جائے بلکہ اصلی پہلوان تو وہ ہے جو غصہ کی حالت میں اپنے آپ پر قابو پائے۔

103. عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **مَامِنْ جُرْعَةٍ اَعْظَمُ اَجْرًا عِنْدَ اللّٰهِ، مِنْ جُرْعَةِ غَيْظٍ، كَظَمَهَا عَبْدٌ، اِبْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ.** [رواه ابن ماجه، كتاب الزهد: 4189]

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی بندہ نے اللہ تعالیٰ کے نزدیک غصہ کے گھونٹ سے بڑھ کر اجر والا کوئی گھونٹ نہیں پیا جس کو وہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے پی جاتا ہے۔

104. عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: **مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُنْفِذَهُ دَعَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رُؤُوْسِ الْخَلَائِقِ حَتّٰى يُخَيِّرَهُ مِنْ اَیِّ الْحُوْرِ الْعِيْنِ شَاءَ.** [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب: 4777]

سہل بن معاذؒ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص غصے کو روکے حالانکہ اسے



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اپنا غصہ نکالنے کا اختیار ہو تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو تمام لوگوں کے سامنے بلا کر فرمائے گا جس حور عین کو تو چاہے پسند کر لے۔

105. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهُ قَالَ: **عَلِّمُوْا وَيَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَاِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَسْكُتْ.** [رواه أحمد، ج:4، 2136]

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: سکھاؤ اور آسانی کرو اور تنگی نہ کرو اور جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو اسے چاہیے کہ خاموش رہے۔

106. عَنْ اَنَسٍ قَالَ: **لَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَاحِشًا، وَلَا لَعَّانًا، وَلَا سَبَّابًا، كَانَ يَقُوْلُ عِنْدَ الْمَعْتَبَةِ: مَا لَهُ؟ تَرِبَ جَبِيْنُهُ.** [رواه البخاری، کتاب الأدب:6046 ]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ فحش گو نہیں تھے، نہ آپ ﷺ لعنت ملامت کرنے والے تھے اور نہ گالیاں دیتے تھے، آپ ﷺ کو بہت غصہ آتا تو صرف اتنا کہہ دیتے، اسے کیا ہو گیا ہے، اس کی پیشانی خاک آلود ہو۔

107. عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَنَا: **اِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ، فَاِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَ اِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ.** [رواه أبو داؤد، کتاب الادب:4782]

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے فرمایا: جب تم میں سے کوئی غصے میں ہو اور وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے، پھر اگر غصہ جاتا رہے تو خیر ورنہ لیٹ جائے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الرَّحْمَةُ

## رحم

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: **مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ**... [الفتح:29]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: محمد اللہ کے رسول ہیں، اور جولوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت اور آپس میں رحیم ہیں۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی:... **وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ** ○ [البلد:17]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور ایک دوسرے کو صبر اور ایک دوسرے کو رحم کی تلقین کرتے رہے۔

108. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قِیْلَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اُدْعُ عَلَی الْمُشْرِكِیْنَ، قَالَ: **اِنِّیْ لَمْ اُبْعَثْ لَعَّانًا وَاِنَّمَا بُعِثْتُ رَحْمَةً**. [رواه مسلم، كتاب البر و الصلة: 6613]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کہا گیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! مشرکوں پر بددعا کیجیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اس لیے نہیں بھیجا گیا کہ لوگوں پر لعنت کروں بلکہ میں رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

109. عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **لَا یَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَا یَرْحَمُ النَّاسَ**. [رواه البخاري، كتاب التوحيد: 7376]

سیدنا جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جولوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ بھی اس پر رحم نہیں کرتا۔

110. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو یَبْلُغُ بِهِ النَّبِیَّ ﷺ: **اَلرَّاحِمُوْنَ یَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ، اِرْحَمُوْا اَهْلَ الْاَرْضِ یَرْحَمْكُمْ مَنْ فِی السَّمَاءِ**. [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب: 4941]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے بیان کرتے ہیں: رحمان رحم کرنے والوں پر رحم کرتا ہے۔ زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

111. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: تُقَبِّلُوْنَ الصِّبْيَانَ؟ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: اَوَ اَمْلِکُ لَکَ اَنْ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِکَ الرَّحْمَةَ.

[رواه البخاری، کتاب الأدب : 5998]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا: آپ لوگ بچوں کو بوسہ دیتے ہیں، ہم تو انہیں بوسہ نہیں دیتے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر اللہ نے تمہارے دل سے رحم نکال دیا ہے تو میں تمہارے لیے کیا کر سکتا ہوں۔

112. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ ﷺ يَقُوْلُ: لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ. [رواه الترمذی، کتاب البر والصلة :1923 ]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ابو القاسم ﷺ سے سنا کہ رحمت صرف بدبخت آدمی کے دل سے نکالی جاتی ہے۔

113. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ: مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اِمَامٍ قَطُّ اَخَفَّ صَلَاةً وَلَا اَتَمَّ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ وَاِنْ كَانَ لَيَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَيُخَفِّفُ مَخَافَةَ اَنْ تُفْتَنَ اُمُّهُ.

[ رواه البخاری، کتاب الاذان :708]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ سے زیادہ ہلکی لیکن کامل نماز میں نے کسی کے پیچھے کبھی نہیں پڑھی اور اگر آپ ﷺ بچے کے رونے کی آواز سن لیتے تو اس خیال سے کہ کہیں اس کی ماں پریشانی میں مبتلا نہ ہو نماز مختصر کر دیتے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الْعَفُوُّ

## عفو ودرگزر

قَالَ اللّٰهُ تَعَالیٰ: وَسَارِعُوْٓا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ○الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ○ [آلِ عمران:133-134]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور اپنے رب کی بخشش اور جنت کی طرف لپکو جس کا عرض آسمانوں اور زمین کے برابر ہے اور جو متقی لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ وہ لوگ جو خوشحالی اور تنگی میں خرچ کرتے ہیں اور غصے کو پی جانے والے اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالیٰ: خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ○ [الأعراف: 199]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: عفو اختیار کرو اور نیک کام کرنے کا حکم دو اور جاہلوں سے کنارہ کرلو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالیٰ: وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ○ [الشوریٰ: 43]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور البتہ جس نے صبر کیا اور معاف کیا تو بے شک یہ بڑے عزم والے کاموں میں سے ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالیٰ: ...وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ○ [النور: 22]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور انہیں چاہیے کہ معاف کردیں اور درگزر کریں کیا تم پسند نہیں کرتے ہو کہ اللہ تمہیں بخش دے اور اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالیٰ: وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں: رحمان رحم کرنے والوں پر رحم کرتا ہے۔ زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔

111. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: جَاءَ اَعْرَابِیٌّ اِلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: تُقَبِّلُوْنَ الصِّبْيَانَ؟ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: **اَوَ اَمْلِکُ لَکَ اَنْ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِکَ الرَّحْمَةَ.**

[رواہ البخاری، کتاب الأدب: 5998]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا: آپ لوگ بچوں کو بوسہ دیتے ہیں، ہم تو انہیں بوسہ نہیں دیتے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ نے تمہارے دل سے رحم نکال دیا ہے تو میں تمہارے لیے کیا کر سکتا ہوں۔

112. عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: **لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ.** [رواہ الترمذی، کتاب البر والصلة: 1923]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ رحمت صرف بدبخت آدمی کے دل سے نکالی جاتی ہے۔

113. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يَقُوْلُ: **مَا صَلَّيْتُ وَرَاءَ اِمَامٍ قَطُّ اَخَفَّ صَلَاةً وَلَا اَتَمَّ مِنَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَاِنْ كَانَ لَيَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَيُخَفِّفُ مَخَافَةَ اَنْ تُفْتَنَ اُمُّهُ.**

[رواہ البخاری، کتاب الاذان: 708]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ ہلکی لیکن کامل نماز میں نے کسی کے پیچھے کبھی نہیں پڑھی اور اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم بچے کے رونے کی آواز سن لیتے تو اس خیال سے کہ کہیں اس کی ماں پریشانی میں مبتلا نہ ہو نماز مختصر کر دیتے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الْعَفُوُ

## عفو و درگزر

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ○ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِى السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ○ [آلِ عمران:133-134]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور اپنے رب کی بخشش اور جنت کی طرف لپکو جس کا عرض آسمانوں اور زمین کے برابر ہے اور جو متقی لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ وہ لوگ جو خوشحالی اور تنگی میں خرچ کرتے ہیں اور غصے کو پی جانے والے اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ○ [الأعراف:199]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: عفو اختیار کرو اور نیک کام کرنے کا حکم دو اور جاہلوں سے کنارہ کرلو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ○ [الشوریٰ:43]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور البتہ جس نے صبر کیا اور معاف کیا تو بے شک یہ بڑے عزم والے کاموں میں سے ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ...وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ○ [النور:22]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور انہیں چاہیے کہ معاف کر دیں اور درگزر کریں کیا تم پسند نہیں کرتے ہو کہ اللہ تمہیں بخش دے اور اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

**يَغۡفِرُوۡنَ**O [الشوریٰ: 37]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جو لوگ بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب بھی غضبناک ہوتے ہیں تو وہ معاف کردیتے ہیں۔

عَنۡ عَبۡدِ اللّٰهِ يَعۡنِی ابۡنَ الزُّبَيۡرِ فِیۡ قَوۡلِهٖ﴿خُذِ الۡعَفۡوَ﴾[الاعراف: 199]قَالَ: اُمِرَ نَبِیُّ اللّٰهِ ﷺ: **اَنۡ يَاۡخُذَ الۡعَفۡوَ مِنۡ اَخۡلَاقِ النَّاسِ**. [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب: 4787]

سیدنا عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے فرمان ﴿خُذِ الۡعَفۡوَ﴾ کے بارے میں کہتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ کو حکم دیا گیا کہ لوگوں کے اخلاق کے بارے میں درگزر اختیار کریں۔

114. عَنۡ اَبِیۡ هُرَيۡرَةَ، اَنَّ رَسُوۡلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: **تُفۡتَحُ اَبۡوَابُ الۡجَنَّةِ يَوۡمَ الۡاِثۡنَيۡنِ، وَ يَوۡمَ الۡخَمِيۡسِ، فَيُغۡفَرُ لِكُلِّ عَبۡدٍ لَا يُشۡرِكُ بِاللّٰهِ شَيۡئًا، اِلَّا رَجُلٌ كَانَتۡ بَيۡنَهُ وَ بَيۡنَ اَخِيۡهِ شَحۡنَاءُ، فَيُقَالُ: اَنۡظِرُوۡا هٰذَيۡنِ حَتّٰى يَصۡطَلِحَا، اَنۡظِرُوۡا هٰذَيۡنِ حَتّٰى يَصۡطَلِحَا، [اَنۡظِرُوۡا هٰذَيۡنِ حَتّٰى يَصۡطَلِحَا]**. [رواه مسلم، كتاب البر والصلة: 6544]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت کے دروازے پیر اور جمعرات کے دن کھولے جاتے ہیں پھر ہر اس بندہ کی مغفرت کردی جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک نہیں کرتا سوائے اس شخص کے جو اپنے بھائی سے کینہ رکھتا ہے پھر کہا جاتا ہے ان دونوں کو دیکھتے رہو یہاں تک کہ باہم راضی ہو جائیں، ان دونوں کو دیکھتے رہو یہاں تک کہ باہم راضی ہو جائیں، ان دونوں کو دیکھتے رہو یہاں تک کہ باہم راضی ہو جائیں۔

115. عَنۡ اَبِیۡ هُرَيۡرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **اِيَّاكُمۡ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَكۡذَبُ الۡحَدِيۡثِ، وَلَا تَحَسَّسُوۡا وَلَا تَجَسَّسُوۡا، وَلَا تَحَاسَدُوۡا، وَلَا تَدَابَرُوۡا، وَلَا تَبَاغَضُوۡا، وَكُوۡنُوۡا عِبَادَ اللّٰهِ اِخۡوَانًا**. [رواه البخاري، كتاب الأدب: 6064]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بدگمانی سے بچتے رہو کیونکہ بدگمانی سب سے زیادہ جھوٹی بات ہے اور لوگوں کے عیوب تلاش نہ کرو، ٹوہ نہ لگاؤ، آپس میں حسد نہ کرو، کسی کی پیٹھ پیچھے برائی نہ کرو، بغض نہ رکھو، بلکہ اللہ کے بندو بھائی بھائی بن جاؤ۔

116. عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: **لَا یَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ یَھْجُرَ اَخَاہُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَیَالٍ، یَلْتَقِیَانِ، فَیُعْرِضُ ھٰذَا وَیُعْرِضُ ھٰذَا، وَخَیْرُھُمَا الَّذِیْ یَبْدَاُ بِالسَّلَامِ.** [رواہ البخاری، کتاب الأدب: 6077]

سیدنا ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی آدمی کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے کسی بھائی کو تین رات سے زیادہ کے لیے چھوڑ دے، اس طرح کہ جب دونوں کا سامنا ہو تو یہ بھی منہ پھیر لے اور وہ بھی منہ پھیر لے اور ان دونوں میں بہتر وہ ہے جو سلام میں پہل کرے۔

117. عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: **مَا نَقَصَتْ صَدَقَۃٌ مِنْ مَالٍ وَمَا زَادَ اللّٰہُ عَبْدًا بِعَفْوٍ اِلَّا عِزًّا، وَمَا تَوَاضَعَ اَحَدٌ لِلّٰہِ اِلَّا رَفَعَہُ اللّٰہُ.** [رواہ مسلم، کتاب البر والصلة: 6592]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا اور جو بندہ معاف کر دیتا ہے اللہ اس کی عزت بڑھاتا ہے اور جو بندہ اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا درجہ بلند کرتا ہے۔

118. عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ الْجَدَلِیِّ یَقُوْلُ: سَاَلْتُ عَائِشَۃَ عَنْ خُلُقِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ فَقَالَتْ: **لَمْ یَکُنْ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا وَلَا صَخَّابًا فِی الْاَسْوَاقِ وَلَا یُجْزِیْ بِالسَّیِّئَۃِ السَّیِّئَۃَ وَلٰکِنْ یَعْفُوْ وَیَصْفَحُ.** [رواہ الترمذی، کتاب البر و الصلة: 2016]

ابوعبداللہ جدلی رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: آپ طعن و تشنیع کرنے والے، فحش کام کرنے والے، بازاروں میں چیخنے والے اور برائی کا بدلہ برائی سے دینے والے نہ تھے بلکہ معاف کرتے اور درگزر فرماتے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

119. عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ اَخْبَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:قَامَ اَبُو بَكْرِنِ الصِّدِّيْقُ عَلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَكٰى فقَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَامَ الْاَوَّلِ عَلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ بَكٰى فقَالَ: **سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَاِنَّ اَحَدًا لَمْ يُعْطَ بَعْدَ الْيَقِيْنِ خَيْرًا مِنَ الْعَافِيَةِ.**

[رواہ الترمذی، کتاب الدعوات : 3558]

معاذ بن رفاعہؒ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ منبر پر کھڑے ہوئے پھر روئے اور فرمایا: رسول اللہ ﷺ ہجرت کے پہلے سال منبر پر کھڑے ہوئے پھر روئے اور ارشاد فرمایا: اللہ سے معافی اور عافیت مانگو، بے شک کسی ایک کو بھی یقین کے بعد عافیت سے بہتر چیز نہیں ملی۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# النُّصحُ

# خیرخواہی

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِیْنٌ ○ [الأعراف:68]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: میں تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچاتا ہوں اور میں تمہارے لیے امانت دار خیرخواہ ہوں۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ [الأعراف:62]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: میں تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچاتا ہوں اور تمہارا خیرخواہ ہوں میں اللہ کی طرف سے وہ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

120. عَنْ تَمِیْمِ الدَّارِیِّ، اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَةُ، قُلْنَا: لِمَنْ؟ قَالَ: لِلّٰهِ وَ لِكِتَابِهِ وَ لِرَسُوْلِهِ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِیْنَ وَعَامَّتِهِمْ. [رواه مسلم، کتاب الایمان :196]

سیدنا تمیم داری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: دین خیرخواہی کا نام ہے۔ہم نے کہا،کس کے لیے؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کے لیے اور اس کی کتاب کے لیے اور اس کے رسول کے لیے اور مسلمانوں کے اماموں کے لیے اور ان کے عوام کے لیے۔

121. عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ: مَنْ رَاٰی مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْیُغَیِّرْهُ بِیَدِهِ، فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ، وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ. [رواه مسلم، کتاب الایمان : 177]

سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے جو کوئی برائی دیکھے تو اسے اپنے ہاتھ سے روکے، اگر اس کی طاقت نہ ہو تو زبان سے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو تو



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اسے دل میں برا جانے اور یہ سب سے کم تر درجے کا ایمان ہے۔

122. عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: **لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ.** [رواہ البخاری، کتاب الایمان :13]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص ایمان نہیں لاتا جب تک اپنے بھائی کے لیے وہ نہ چاہے جو اپنے نفس کے لیے چاہتا ہے۔

123. عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: **بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَلٰى اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ.** [رواہ البخاری، کتاب الایمان :57]

سیدنا جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے نماز قائم کرنے اور زکوۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے پر بیعت کی۔

124. عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدِ ِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: اِنِّيْ اُبْدِعَ بِيْ فَاحْمِلْنِيْ. فَقَالَ: مَا عِنْدِيْ. فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اَنَا اَدُلُّهٗ عَلٰى مَنْ يَحْمِلُهٗ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِهٖ.**
[رواہ مسلم، کتاب الامارۃ: 4899]

سیدنا ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا: میرا جانور مر گیا ہے، مجھے سواری دیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس سواری نہیں۔ تو ایک شخص بولا اے اللہ کے رسول ﷺ کیا میں اسے ایسے شخص کے بارے میں بتاؤں جو اسے سواری دے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو کوئی نیکی کی راہ بتائے اُس کو اتنا ہی ثواب ہے جتنا نیکی کرنے والے کو۔

125. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: **لَقَدْ رَاَيْتُ رَجُلًا يَتَقَلَّبُ فِي الْجَنَّةِ، فِيْ شَجَرَةٍ قَطَعَهَا مِنْ ظَهْرِ الطَّرِيْقِ، كَانَتْ تُؤْذِي النَّاسَ.**
[رواہ مسلم، کتاب البر و الصلۃ : 6671]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: تحقیق میں نے جنت میں ایک شخص کو مزے کرتے



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دیکھا جس نے (دنیا میں) راہ میں آنے والے ایک درخت کو کاٹ دیا تھا جو لوگوں کے لیے اذیت کا باعث تھا۔

**126. عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: مَنْ نَصَرَ اَخَاهُ بِظَهْرِ الْغَيْبِ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ .** [رواه البيهقي في السنن الكبرى، ج:8،16685]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کی مدد اس کے پیٹھ پیچھے کی اللہ تعالیٰ اس کی دنیا اور آخرت میں مدد فرمائے گا۔

**127. عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ، وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ اَخِيْهِ.**

[رواه مسلم، كتاب الذكر : 6853]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مومن پر سے دنیا کی سختی دور کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر سے آخرت کی سختیوں میں سے سختی دور کرے گا اور جو شخص تنگ دست کو مہلت دے گا (یعنی اپنے قرض کے لیے تقاضا اور سختی میں مہلت) اللہ تعالیٰ اس پر دنیا اور آخرت میں آسانی کرے گا اور جو شخص کسی مسلمان کا عیب ڈھانپے گا تو اللہ اس کا عیب دنیا اور آخرت میں ڈھانپے گا، اور اللہ تعالیٰ بندے کی مدد میں ہوتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں ہوتا ہے۔


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# فَضْلُ السَّلَامِ

## سلام کی فضیلت

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: **وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَا...** [النسآء:86]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جب کوئی احترام کے ساتھ تمہیں سلام کرے تو اس کو اُس سے بہتر طریقے کے ساتھ سلام کرو۔

128. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہما، اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِيَّ ﷺ: اَيُّ الْاِسْلَامِ خَيْرٌ؟ فَقَالَ: **تُطْعِمُ الطَّعَامَ، وَتَقْرَاُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ.**

[رواه البخاري، كتاب الايمان: 12]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ سے سوال کیا، اسلام کی کون سی بات بہتر ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم دوسروں کو کھانا کھلاؤ اور ہر شخص کو سلام کرو، چاہے تم اسے پہچانتے ہو یا نہیں پہچانتے ہو۔

129. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **لَا تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا، وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا، اَوَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى شَيْءٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ؟ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ.** [رواه مسلم، كتاب الايمان:194]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم جنت میں داخل نہیں ہو سکو گے جب تک کہ ایمان نہ لاؤ اور تم ایمان نہیں لا سکتے جب تک کہ آپس میں محبت نہ کرو۔ کیا میں تم کو ایسی بات نہ بتادوں کہ جب تم اس پر عمل کرو تو تمہارے درمیان محبت پیدا ہو؟ آپس میں سلام کو عام کرو۔

130. عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاللّٰهِ تَعَالٰى مَنْ بَدَاَهُمْ بِالسَّلَامِ.** [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب: 5197]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک لوگوں میں سے سب سے بہتر وہ شخص ہے جو سلام میں سبقت کرے۔

131. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: **يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ، وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ**. [رواہ البخاری، کتاب الاستئذان: 6234]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھوٹا بڑے کو اور چلنے والا بیٹھے ہوئے کو سلام کرے اور تھوڑے لوگ زیادہ لوگوں کو سلام کریں۔

132. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَّهُ قَالَ: **يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِیْ، وَالْمَاشِیْ عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ.**

[رواہ البخاری، کتاب الاستئذان: 6233]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سوار پیادہ کو، پیادہ بیٹھے ہوئے کو اور کم تعداد والے زیادہ والوں کو سلام کریں۔

133. عَنْ اَنَسٍ [بْنِ مَالِكٍ]: **اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَرَّ عَلٰى غِلْمَانٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ.**

[رواہ مسلم، کتاب السلام: 5663]

سیدنا انس (بن مالک) رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چند لڑکوں کے قریب سے گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سلام کیا۔

134. عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم **كَانَ يَزُوْرُ الْاَنْصَارَ وَيُسَلِّمُ عَلٰى صِبْيَانِهِمْ وَيَمْسَحُ رُؤُوْسَهُمْ.** [رواہ ابن حبان، کتاب البر والاحسان، ج:2، 459]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم انصار کی ملاقات کے لیے جایا کرتے تھے اور ان کے بچوں کو سلام کیا کرتے تھے اور ان کے سروں پر ہاتھ پھیرا کرتے تھے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

135. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اَيَنْحَنِيْ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ؟ قَالَ: لَا، قُلْنَا: اَيُعَانِقُ بَعْضُنَا بَعْضًا؟ قَالَ: لَا وَلٰكِنْ تَصَافَحُوْا.

[رواه ابن ماجه، كتاب الادب :3702]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا ہم میں سے بعض بعض کو جھک کر ملیں آپ ﷺ فرمایا: نہیں۔ ہم نے کہا: کیا ہم میں سے بعض بعض کو گلے ملا کریں: آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں بلکہ مصافحہ کیا کرو۔

136. عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ اِلَّاغُفِرَ لَهُمَا، قَبْلَ اَنْ يَفْتَرِقَا. [رواه أبو داؤد، كتاب الادب:5212]

سیدنا براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو دو مسلمان باہم ملاقات کریں اور مصافحہ کریں تو قبل اس کے کہ وہ جدا ہوں ان کو بخش دیا جاتا ہے۔

www.KitaboSunnat.com



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْحُبُّ

## محبت

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى : وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُ وَالدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَايَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْكَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ... [الحشر:9]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جو لوگ ان (مہاجرین) کی آمد سے پہلے ہی ایمان لا کر دارالہجرت میں مقیم تھے۔ یہ اُن لوگوں سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے ان کے پاس آئے ہیں اور جو کچھ ان کو دیا گیا تھا اس کی کوئی حاجت تک یہ اپنے دلوں میں محسوس نہیں کرتے اور انہیں اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہیں خواہ وہ خود کتنے ہی ضرورت مند کیوں نہ ہوں۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: اَ لْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍبَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّاالْمُتَّقِيْنَ ۝ [الزّخرف: 67]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: دوست اس دن ایک دوسرے کے دشمن ہو جائیں گے سوائے متقین کے۔

137. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: اَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِيْ، اَلْيَوْمَ اُظِلُّهُمْ فِيْ ظِلِّيْ، يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّيْ.

[رواه مسلم: كتاب البر والصلة:6548]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا میری عظمت کی وجہ سے آپس میں محبت رکھنے والے کہاں ہیں آج میں ان کو اپنے سائے میں جگہ دوں گا جب کہ میرے سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔

138. عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اَنَّهٗ قَالَ: مَنْ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَاَبْغَضَ لِلّٰهِ وَاَعْطٰى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْاِيْمَانَ. [رواه أبوداؤد ، كتاب السنة :4681]

سیدنا ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کی اور



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ کے لیے بغض رکھا اور جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے دیا اور اللہ تعالیٰ کے لیے روکا تو اس نے اپنا ایمان مکمل کرلیا۔

139. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: **اَلْمُؤْمِنُ مَأْلَفٌ وَلَا خَیْرَ فِیْمَنْ لَا یَأْلَفُ وَلَا یُؤْلَفُ**. [رواه أحمد ج:9198,15]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: مومن سراپا الفت ہے اور اس میں کوئی خیر نہیں جو نہ محبت کرتا ہے اور نہ وہ محبت کیا جاتا ہے۔

140. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ وَالِدِهٖ وَ وَلَدِهٖ**. [رواه البخاری، کتاب الایمان:14]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم میں سے کوئی بھی ایمان والا نہ ہوگا جب تک میں اسے اس کے والد اور اولاد سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔

141. عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ: قِیْلَ لِلنَّبِیِّ ﷺ: اَلرَّجُلُ یُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا یَلْحَقْ بِهِمْ؟ قَالَ: **اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ**. [رواه البخاری، کتاب الأدب: 6170]

سیدنا ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ سے عرض کیا گیا: ایک شخص ایک قوم سے محبت رکھتا ہے لیکن اس سے ملاقات نہیں کرسکا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: انسان اس کے ساتھ ہے جس سے وہ محبت رکھتا ہے۔

142. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَتَی السَّاعَةُ؟ قَالَ: وَمَا اَعْدَدْتَّ لَهَا؟ قَالَ: حُبَّ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ، قَالَ: **فَاِنَّکَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ**. قَالَ اَنَسٌ: فَمَا فَرِحْنَا، بَعْدَ الْاِسْلَامِ، فَرَحًا اَشَدَّ مِنْ قَوْلِ النَّبِیِّ ﷺ: **فَاِنَّکَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ**. [رواه مسلم، کتاب البر والصلة: 6713]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، اس نے دریافت کیا، اے اللہ کے



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رسول ﷺ! قیامت کب ہوگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے قیامت کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے جواب دیا: میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک تو اس کے ساتھ ہوگا جس سے تو محبت کرتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم اسلام لانے کے بعد کسی بات پر اتنا خوش نہیں ہوئے جتنا آپ ﷺ کی اس بات سے خوش ہوئے ”بے شک تم اس کے ساتھ ہوگے جس سے تم محبت کرتے ہو“۔

143. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اَلرَّجُلُ عَلٰى دِیْنِ خَلِیْلِهٖ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُكُمْ مَنْ یُخَالِلُ.** [رواه الترمذی، کتاب الزهد: 2378]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے پس تم میں سے ہر ایک یہ ضرور دیکھے کہ وہ کس کے ساتھ دوستی کر رہا ہے۔

144. عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْ كَرِبَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **اِذَا اَحَبَّ الرَّجُلُ اَخَاهُ فَلْیُخْبِرْهُ اَنَّهٗ یُحِبُّهٗ.** [رواه أبو داؤد، کتاب الأدب: 5124]

سیدنا مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنے بھائی سے محبت کرے تو اسے چاہیے کہ اسے بتا دے کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے۔

145. عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: **مَا تَوَادَّ اثْنَانِ فِی اللّٰهِ جَلَّ وَعَزَّ اَوْ فِی الْاِسْلَامِ، فَیُفَرِّقَ بَیْنَهُمَا اَوَّلُ ذَنْبٍ یُحْدِثُهٗ اَحَدُهُمَا.**

[رواه البخاری فی الأدب المفرد،باب هجرة المسلم: 401]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: دو شخص اللہ عزوجل کے لیے یا اسلام کی وجہ سے آپس میں محبت کرتے ہیں لیکن دونوں میں سے کسی ایک کا گناہ ان کے درمیان علیحدگی کر دیتا ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الْهَدِيَّةُ

# تحفہ

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَاِنِّىْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ○
(النمل:35)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور میں ان کی طرف کچھ تحفہ بھیجتی ہوں اور دیکھتی ہوں کہ قاصد کیا جواب لاتے ہیں۔

146. عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **تَهَادَوْا تَحَابُّوْا.**
[رواه أبو يعلى، ج:11، 6148]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: آپس میں تحفے لیا دیا کرو اس سے باہمی محبت پیدا ہوگی۔

147. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: **كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَيُثِيْبُ عَلَيْهَا.**
[رواه البخاری، كتاب الهبة وفضلها: 2585]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ تحفہ قبول فرمالیا کرتے اور اس کا بدلہ بھی دیا کرتے تھے۔

148. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اَجِيْبُوا الدَّاعِىَ وَلَا تَرُدُّوا الْهَدِيَّةَ وَلَا تَضْرِبُوا الْمُسْلِمِيْنَ.** [رواه ابن حبان، كتاب الحظر و الإباحة، ج:12، 5603]

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دعوت دینے والے کی دعوت کو قبول کرو، تحفہ مت لوٹاؤ، اور مسلمانوں سے لڑائی نہ کرو۔

149. عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **مَنْ عُرِضَ عَلَيْهِ رَيْحَانٌ، فَلَا يَرُدُّهُ، فَاِنَّهُ خَفِيْفُ الْمَحْمِلِ طَيِّبُ الرِّيْحِ.** [رواه مسلم، كتاب الالفاظ من الادب: 5883]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جسے خوشبودار پھول پیش کیا جائے تو وہ اس کو نہ لوٹائے اس لیے کہ اس کا کوئی بوجھ نہیں اور اس کی خوشبو عمدہ ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

150. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **لَوْ دُعِیْتُ اِلٰی ذِرَاعٍ اَوْ کُرَاعٍ لَاَجَبْتُ، وَلَوْ اُهْدِیَ اِلَیَّ ذِرَاعٌ اَوْ کُرَاعٌ لَقَبِلْتُ.** [رواه البخاری، کتاب الهبة:2568]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے بازو اور پائے (کے گوشت) پر بھی دعوت دی جائے تو میں قبول کرلوں گا اور مجھے بازو یا پائے (کے گوشت) کا تحفہ بھیجا جائے تو اسے بھی قبول کرلوں گا۔

151. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ ﷺ: **اَلْعَائِدُ فِیْ هِبَتِهٖ کَالْعَائِدِ فِیْ قَیْئِهٖ.** [رواه البخاری، کتاب الهبة : 2621]

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اپنا دیا ہوا تحفہ واپس لینے والا ایسا ہے جیسے اپنی کی ہوئی قے کا چاٹنے والا۔

152. عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **مَنْ اُعْطِیَ عَطَاءً فَوَجَدَ فَلْیَجْزِ بِهٖ، فَاِنْ لَمْ یَجِدْ فَلْیُثْنِ بِهٖ، فَمَنْ اَثْنٰی بِهٖ فَقَدْ شَکَرَهٗ وَمَنْ کَتَمَهٗ فَقَدْ کَفَرَهٗ.** [رواه أبو داؤد ، کتاب الأدب:4813]

سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص کو کوئی چیز دی جائے اور وہ اس کا بدلہ دینے کی قدرت رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ بدلہ دے، اگر بدلہ نہ دے سکے تو تعریف کرے۔ جس نے تعریف کی اس نے شکر ادا کیا اور جس نے اسے چھپایا اس نے ناشکری کی۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الْكِبْرُ
# تکبر

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى:... اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ○ [المؤمن:60]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: بے شک جو لوگ تکبر میں مبتلا ہو کر میری عبادت سے منہ موڑتے ہیں، عنقریب وہ جہنم میں ذلیل وخوار ہو کر داخل ہوں گے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ○ [الزمر:72]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: کہا جائے گا، داخل ہو جاؤ جہنم کے دروازوں سے، ہمیشہ رہنے والے اس میں متکبروں کے لیے بڑا ہی برا ٹھکانا ہے۔

153. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِيْ وَالْعَظَمَةُ اِزَارِيْ، فَمَنْ نَازَعَنِيْ وَاحِدًا مِنْهُمَا قَذَفْتُهُ فِي النَّارِ.

[رواه أبو داؤد، كتاب اللباس :4090]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کبریائی میری چادر ہے اور عظمت میری ازار ہے جس شخص نے ان دونوں میں سے کسی ایک کو مجھ سے چھینا میں اسے آگ میں پھینک دوں گا۔

154. اَنَّ ابْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَجُرُّ اِزَارَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ خُسِفَ بِهِ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْاَرْضِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

[رواه البخاری، كتاب أحاديث الأنبياء:3485]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ایک شخص تکبر کی وجہ سے اپنا تہبند زمین پر گھسیٹتا ہوا جا رہا تھا کہ اسے زمین میں دھنسا دیا گیا اور اب وہ قیامت تک یوں ہی زمین میں دھنستا چلا جائے گا۔

155. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: **بَیْنَمَا رَجُلٌ یَتَبَخْتَرُ، یَمْشِیْ فِیْ بُرْدَیْهِ، قَدْ اَعْجَبَتْهُ نَفْسُهُ، فَخَسَفَ اللّٰهُ بِهِ الْاَرْضَ، فَهُوَ یَتَجَلْجَلُ فِیْهَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ.** [رواہ مسلم، کتاب اللباس والزینۃ :5467]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک شخص اتراتا ہوا اپنے دو کپڑوں میں چلا جا رہا تھا، اس کے نفس نے اسے خود پسندی میں مبتلا کر دیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا پس وہ قیامت کے دن تک زمین میں دھنستا چلا جائے گا۔

156. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ کِبْرٍ. قَالَ رَجُلٌ: اِنَّ الرَّجُلَ یُحِبُّ اَنْ یَکُوْنَ ثَوْبُهُ حَسَنًا، وَنَعْلُهُ حَسَنَةً، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ جَمِیْلٌ یُحِبُّ الْجَمَالَ، اَلْکِبْرُ: بَطَرُ الْحَقِّ وَ غَمْطُ النَّاسِ.** [رواہ مسلم، کتاب الایمان:265]

سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: وہ شخص جنت میں نہیں جائے گا جس کے دل میں ایک ذرے کے برابر بھی تکبر ہوگا، ایک آدمی نے سوال کیا، آدمی کو یہ پسند ہے کہ اس کا لباس اچھا ہو اور اس کے جوتے اچھے ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ جمیل ہے اور جمال کو پسند فرماتا ہے۔ تکبر حق کو ٹھکرانا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا ہے۔

157. عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِیِّ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ؟ کُلُّ ضَعِیْفٍ مُتَضَاعِفٍ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ، اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَهْلِ النَّارِ؟ کُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَکْبِرٍ.** [رواہ البخاری، کتاب الأدب : 6071]

سیدنا حارثہ بن وہب خزاعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنت والوں کی خبر نہ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دوں؟ ہر کمزور، اور حقیر سمجھا جانے والا اگر وہ قسم کھالے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کو پورا کر دے۔ کیا میں تمہیں دوزخ والوں کی خبر نہ دوں؟ ہر تند خو، اکڑ کر چلنے والا، اور متکبر۔

158. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ**، قَالَ اَبُوْمُعَاوِيَةَ: **وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ، شَيْخٌ زَانٍ وَمَلِكٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ**. [رواہ مسلم، کتاب الایمان:296]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین شخص ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بات نہ کرے گا اور نہ انہیں پاک کرے گا ابو معاویہ نے کہا کہ اور نہ ان کی جانب دیکھے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا۔ بوڑھا زانی، جھوٹا حاکم اور متکبر فقیر۔


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْحَسَدُ

## حسد

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی:اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ... [النسآء:54]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: کیا یہ لوگوں سے حسد کرتے ہیں اس پر جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا کیا؟

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۝ [الفلق:5]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور حاسد کے شر سے جب کہ وہ حسد کرے۔

159. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: **لَا يَجْتَمِعَانِ فِیْ قَلْبِ عَبْدٍ، الْاِيْمَانُ وَالْحَسَدُ.** [رواه النسائی، کتاب الجهاد:3109]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی کے دل میں ایمان اور حسد جمع نہیں ہو سکتے۔

160. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ: **اَیُّ النَّاسِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: كُلُّ مَخْمُوْمِ الْقَلْبِ، صَدُوْقِ اللِّسَانِ، قَالُوْا: صَدُوْقُ اللِّسَانِ، نَعْرِفُهُ فَمَا مَخْمُوْمُ الْقَلْبِ؟ قَالَ: هُوَ التَّقِیُّ النَّقِیُّ لَا اِثْمَ فِيْهِ وَلَا بَغْیَ وَلَا غِلَّ وَلَا حَسَدَ.**

[رواه ابن ماجه، کتاب الزهد:4216]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے کہا گیا: لوگوں میں کون سب سے افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر صاف دل، زبان کا سچا۔ لوگوں نے کہا: زبان کے سچے کو تو ہم پہچانتے ہیں لیکن صاف دل کون ہے؟ فرمایا: وہ پرہیزگار، پاک صاف جس کے دل میں گناہ نہ ہو، نہ بغاوت ہو، نہ بغض اور نہ حسد ہو۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الشُّحّ

# بخل

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ... وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ... [النسآء:128]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور نفسوں میں بخل رکھ دیا گیا۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ O [الحشر:9]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جو اپنے دل کی تنگی سے بچا لیے گئے وہی فلاح پانے والے ہیں۔

161. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْاِيْمَانُ فِیْ قَلْبِ عَبْدٍ اَبَدًا. [رواه النسائی، کتاب الجهاد: 3112]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بخل اور ایمان کسی بندے کے دل میں کبھی بھی جمع نہیں ہو سکتے۔

162. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: شَرُّ مَا فِیْ رَجُلٍ شُحٌّ هَالِعٌ وَجُبْنٌ خَالِعٌ. [رواه أبو داؤد، کتاب الجهاد:2511]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: انسان میں دو صفات بہت بدترین ہوتی ہیں، ایک رُلا دینے والی بخیلی اور بزدلی جو دل نکالنے والی ہو۔

163. عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِتَّقُوا الشُّحَّ فَاِنَّ الشُّحَّ اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، حَمَلَهُمْ عَلٰی اَنْ سَفَكُوْا دِمَاءَهُمْ وَاسْتَحَلُّوْا مَحَارِمَهُمْ. [رواه مسلم، کتاب البر و الصلة:6576]

سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بخل سے بچو! اس لیے کہ بخل نے ہی ان لوگوں کو ہلاک کیا جو تم سے پہلے تھے۔ اس بخل نے انہیں اپنوں کا خون بہانے پر اور حرام کو حلال سمجھنے پر آمادہ کیا۔


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْحِرْصُ

## حرص

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰىo وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰىo فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰىo وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰىo [الليل:8-11]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جس نے بخل کیا اور بے نیازی برتی اور بھلائی کو جھٹلایا، تو عنقریب ہم اس کو سخت راستے کے لیے سہولت دیں گے اور اس کا مال آخر اس کے کس کام آئے گا جبکہ وہ ہلاک ہو جائے؟

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُo حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَo [التكاثر:1-2]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: کثرت کی حرص نے تمہیں غفلت میں ڈال رکھا ہے یہاں تک کہ تم نے قبریں جا دیکھیں۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌo [العديٰت: 8]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور بے شک وہ مال و دولت کی محبت میں بہت شدید ہے۔

164. عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَهْرَمُ ابْنُ آدَمَ، وَتَبْقٰى مِنْهُ اثْنَتَانِ، اَلْحِرْصُ وَالْاَمَلُ. [رواه أحمد، ج:19، 12202]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابن آدم بوڑھا ہوتا جاتا ہے مگر دو چیزیں اس میں باقی رہتی ہیں حرص اور آرزو۔

165. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ وَالْقَطِيْفَةِ وَالْخَمِيْصَةِ، اِنْ اُعْطِيَ رَضِيَ، وَاِنْ لَمْ يُعْطَ لَمْ يَرْضَ.

[رواه البخاری، كتاب الجهاد والسير: 2886]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: دینار کا بندہ، درہم کا بندہ، چادر کا بندہ، کمبل کا بندہ ہلاک ہوا کہ اگر اسے کچھ دے دیا جائے تب خوش ہو جاتا ہے اور اگر نہیں دیا جائے تو ناراض ہو جاتا ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

166. عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَهْرَمُ ابْنُ آدَمَ وَتَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ: اَلْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ. [رواه مسلم، كتاب الزكاة: 2412]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی بوڑھا ہوتا جاتا ہے اور دو چیزیں اس میں جوان ہوتی جاتی ہیں ایک مال کی حرص اور دوسری عمر کی حرص۔

167. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ. [رواه البخاري، كتاب الرقاق: 6436]

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: کہ اگر ابن آدم کے پاس مال کی دو وادیاں ہوں تو تیسری کا خواہش مند ہوگا اور ابن آدم کا پیٹ مٹی کے سوا کوئی اور چیز نہیں بھر سکتی اور اللہ تعالیٰ اس شخص کی توبہ قبول کرتا ہے جو سچی توبہ کرتا ہے۔

168. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: بَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا، اَوْ يُمْسِيْ مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيْعُ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا. [رواه مسلم، كتاب الايمان: 313]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ ان فتنوں سے پہلے جلدی جلدی نیک کام کرلو جو اندھیری رات کے ٹکڑوں کی طرح ہوں گے (اور یہ حالت ہوگی کہ) آدمی صبح مومن ہوگا اور شام میں کافر یا شام مومن ہوگا اور صبح میں کافر اور انسان دنیاوی ساز و سامان کے بدلے میں اپنا دین فروخت کردے گا۔

169. عَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ اُمَّتِي الْمَالُ. [رواه الترمذي، كتاب الزهد: 2336]

سیدنا کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: ہر امت کے



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لیے ایک فتنہ ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔

170. عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسِلَا فِيْ غَنَمٍ بِاَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِيْنِهِ.** [رواه الترمذي، كتاب الزهد: 2376]

ابن کعب بن مالک انصاریؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو بھوکے بھیڑیے اگر بکریوں میں چھوڑ دیے جائیں تو وہ اتنا فساد اور خرابی نہ کریں گے جس قدر مال و جاہ کی حرص آدمی کے دین کو خراب کرتی ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الْغِنٰی

## بے نیازی

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰی مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰی ○ (طٰه:131)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور نگاہ اٹھا کر بھی نہ دیکھو دنیوی زندگی کی اس شان وشوکت کو جو ہم نے ان میں سے مختلف قسم کے لوگوں کو دے رکھی ہے۔ وہ تو ہم نے انہیں آزمائش میں ڈالنے کے لیے دی ہے اور تیرے رب کا دیا ہوا رزق ہی بہتر اور باقی رہنے والا ہے۔

171. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: لَيْسَ الْغِنٰی عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ . [رواه البخاری، کتاب الرقاق : 6446]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: امیری یہ نہیں ہے کہ سامان زیادہ ہو، بلکہ امیری یہ ہے کہ دل غنی ہو۔

172. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی يَقُوْلُ: يَا ابْنَ آدَمَ! تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِیْ اَمْلَاْ صَدْرَكَ غِنًی وَاَسُدَّ فَقْرَكَ وَاِنْ لَا تَفْعَلْ مَلَاْتُ يَدَيْكَ شُغْلًا وَلَمْ اَسُدَّ فَقْرَكَ. [رواه الترمذی، کتاب صفة القيامة :2466]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے ابن آدم تو میری عبادت کے لیے فارغ ہو جا میں تیرا سینہ غنٰی سے بھر دوں گا اور محتاجی کو تجھ سے دور کر دوں گا اور اگر تو میری عبادت کے لیے فارغ نہ ہوا تو میں تیرے دونوں ہاتھ کاموں سے بھر دوں گا اور تجھ سے محتاجی دور نہ کروں گا۔

173. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: قَدْ اَفْلَحَ مَنْ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

اَسْلَمَ، وَ رُزِقَ كَفَافًا ، وَ قَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا آتَاهُ . [رواہ مسلم، کتاب الزکاۃ:2426]

سیدنا عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فلاح پا گیا جو اسلام لایا، اور جسے بقدر ضرورت رزق دیا گیا اور جو اسے اللہ تعالیٰ نے دیا اس پر اس نے قناعت کی۔

174. عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِحْصَنٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمْ مُعَافًى فِيْ جَسَدِهِ، آمِنًا فِيْ سِرْبِهِ، عِنْدَهُ قُوْتُ يَوْمِهِ، فَكَاَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا . [رواه ابن ماجه، كتاب الزهد:4141]

سلمہ بن عبیداللہ بن محصن انصاری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو کوئی جسم کی عافیت اور گھر میں امن کے ساتھ صبح کرے اور اس کے پاس اس دن کا کھانا بھی ہو تو گویا ساری دنیا اس کے لیے اکٹھی ہو گئی۔

175. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اُنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ، فَاِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ لَا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ.

[رواه الترمذی، کتاب صفة القيامة :2513]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایسے لوگوں کی طرف دیکھو جو (دنیا کے مال واسباب کے لحاظ سے) تم سے کمتر ہوں اور ان کی طرف نہ دیکھو جو (مال ودولت میں) تم سے بڑھ کر ہوں اس طرح زیادہ لائق ہے کہ پھر تم اللہ کی ان نعمتوں کی ناقدری نہ کرو جو اس کی طرف سے تم پر ہوئی ہیں۔

176. عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اِذَا نَظَرَ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ، فَلْيَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْهُ مِمَّنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ.

[رواه البخاری، کتاب الرقاق:6490]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص کسی ایسے آدمی کو دیکھے جو مال اور شکل وصورت میں اس سے بڑھ کر ہے تو اس وقت اسے کسی ایسے شخص کی طرف دھیان کرنا



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

چاہیے جواس سے کم درجہ ہے اور اسے اس پر فضیلت دی گئی ہے۔

177. عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ نَاسًا مِنَ الْاَنْصَارِ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَاَعْطَاهُمْ، ثُمَّ سَاَلُوْهُ فَاَعْطَاهُمْ، حَتّٰى اِذَا نَفِدَمَا عِنْدَهُ قَالَ: **مَا يَكُنْ عِنْدِیْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ اَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ، وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَمَنْ يَصْبِرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ، وَمَا اُعْطِیَ اَحَدٌ مِنْ عَطَاءٍ خَيْرٌ وَاَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ.**

[رواہ مسلم، کتاب الزکاۃ: 2424]

سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار کے چند لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ مانگا تو آپ ﷺ نے ان کو دیا، انہوں نے پھر مانگا تو آپ نے ان کو دیا یہاں تک کہ جب تمام ختم ہو گیا جو آپ ﷺ کے پاس تھا تو فرمایا: میرے پاس جو کچھ ہوتا ہے اس کو ہرگز تم سے بچا کر نہ رکھوں گا اور جو سوال سے بچے اللہ تعالیٰ اسے بچاتا ہے اور جو اپنے دل کو بے پرواہ رکھے اللہ تعالیٰ اس کو بے پرواہ کر دیتا ہے اور جو کوئی صبر کی عادت ڈالے اللہ تعالیٰ اسے صبر دے دیتا ہے اور کوئی عطا صبر سے زیادہ بہتر اور کشادگی والی نہیں۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْاَدَبُ

## ادب

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ○ (الحجرات: 1)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے ایمان والو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرتے رہا کرو۔ یقیناً اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: وَاخْفِضْ لَھُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَۃِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا○ (بنی اسرائیل: 24)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور ان کے سامنے شفقت سے عاجزی کے ساتھ جھکے رہو اور یہ دعا کرتے رہو، اے میرے رب! جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا ہے تو بھی ان پر رحم فرما۔

178. عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: اِنَّ مِنْ اِجْلَالِ اللّٰہِ اِکْرَامَ ذِی الشَّیْبَۃِ الْمُسْلِمِ وَحَامِلِ الْقُرْآنِ غَیْرِ الْغَالِیْ فِیْہِ وَالْجَافِیْ عَنْہُ، وَ اِکْرَامَ ذِی السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ. [رواہ أبو داؤد، کتاب الأدب: 4843]

سیدنا ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک بزرگ مسلمان کی، حامل قرآن کی، جو قرآن کے بارے میں حد سے تجاوز نہ کرنے والا ہو اور نہ اس سے اعراض و بے وفائی کرنے والا اور منصف بادشاہ کی عزت کرنا، اللہ کی عزت کرنے کے ہم معنی ہے۔

179. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ یَقُوْلُ: جَاءَ شَیْخٌ یُرِیْدُ النَّبِیَّ ﷺ فَاَبْطَاَ الْقَوْمُ عَنْہُ اَنْ یُوَسِّعُوْا لَہٗ فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ: لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا.

[رواہ الترمذی، کتاب البر و الصلۃ: 1919]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک بزرگ آدمی نبی ﷺ کے پاس آیا وہ آپ ﷺ سے ملنے کا ارادہ رکھتا تھا، لوگوں نے اسے راستہ دینے میں دیر لگائی، نبی ﷺ نے فرمایا: وہ ہم میں سے نہیں جو چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور بڑوں کی عزت نہ کرے۔

180. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: **اَلْبَرَکَةُ مَعَ اَکَابِرِکُمْ.**

[رواہ ابن حبان، کتاب البر و الاحسان، ج:2، 559]

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: برکت تمہارے بزرگوں کے ساتھ ہے۔

181. عَنْ نَافِعٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: **اَرَانِیْ فِی الْمَنَامِ اَتَسَوَّکُ بِسِوَاکٍ، فَجَذَبَنِیْ رَجُلَانِ، اَحَدُهُمَا اَکْبَرُ مِنَ الْآخَرِ، فَنَاوَلْتُ السِّوَاکَ الْاَصْغَرَ مِنْهُمَا، فَقِیْلَ لِیْ: کَبِّرْ، فَدَفَعْتُهُ اِلَی الْاَکْبَرِ.**

[رواہ مسلم، کتاب الزھد: 7508]

نافع رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے آپ کو خواب میں دیکھا کہ میں مسواک کر رہا ہوں، پس میرے پاس دو آدمی آئے، ان میں سے ایک دوسرے سے بڑا تھا۔ میں نے مسواک ان دونوں میں سے چھوٹے کو دے دی تو مجھے کہا گیا، بڑے کو دیں، تو میں نے بڑے کو لوٹا دی۔

182. عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اِذَا اَتَاکُمْ کَرِیْمُ قَوْمٍ، فَاَکْرِمُوْهُ.**

[رواہ ابن ماجہ، کتاب الأدب: 3712]

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تمہارے پاس کسی قوم کا عزت دار آدمی آئے تو اس کی عزت کرو۔

183. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَقَفَ عَلٰی اُنَاسٍ جُلُوْسٍ فَقَالَ: **اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِکُمْ مِنْ شَرِّکُمْ؟ قَالَ: فَسَکَتُوْا، فَقَالَ ذٰلِکَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنَا بِخَیْرِنَا مِنْ شَرِّنَا قَالَ: خَیْرُکُمْ**



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

**مَنْ يُّرْجٰی خَيْرُهُ وَيُؤْمَنُ شَرُّهُ، وَشَرُّكُمْ مَنْ لَا يُرْجٰی خَيْرُهُ وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهُ.**

[راوہ الترمذی، کتاب الفتن : 2263 ]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چند آدمیوں کے پاس رُکے جو بیٹھے ہوئے تھے اور فرمایا: کیا میں تم کو تمہارے اچھوں اور بروں کی خبر نہ دوں؟ راوی کہتے ہیں: سب خاموش رہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی۔ تب ایک شخص نے عرض کیا: کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں بتائیے کہ ہم میں کون نیک ہے، کون بد؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں نیک وہ ہے جس سے نیکی کی اُمید رکھی جائے اور اس کے شر سے بے خوف ہوا جائے اور بد وہ ہے جس سے نیکی کی اُمید نہ رکھی جائے اور اس کے شر سے بے خوف نہ رہا جائے۔''

184. عَنْ اَنَسٍ قَالَ: **لَمْ يَكُنْ شَخْصٌ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَكَانُوْا اِذَا رَاَوْهُ لَمْ يَقُوْمُوْا لِمَا يَعْلَمُوْنَ مِنْ كَرَاهِيَتِهِ لِذٰلِكَ.**

[رواه الترمذی: کتاب الأدب:2754]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ فرماتے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب شخص صحابہ کے نزدیک کوئی نہ تھا، اور جب وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے تھے تو کھڑے نہیں ہوتے تھے اس لیے کہ وہ جانتے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ پسند نہیں کرتے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْعَلَاقَاتُ الْمُشْتَرَكَةُ

# باہمی تعلقات

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ . . . [الحجرات 10]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: بے شک مومن ایک دوسرے کے بھائی ہیں لہٰذا اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کروا دیا کرو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی : . . . رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ . . .

[الحشر :10]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اے ہمارے رب، ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں۔

185. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ: اَلْمُؤْمِنُ مِرْآةُ الْمُؤْمِنِ، وَالْمُؤْمِنُ اَخُو الْمُؤْمِنِ يَكُفُّ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ وَيَحُوْطُهُ مِنْ وَرَائِهِ. [رواه أبو داؤد، كتاب الأدب: 4918]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں: مومن، مومن کا آئینہ ہے اور مومن مومن کا بھائی ہے، وہ اس کے نقصان کو روکتا ہے اور اس کے پیچھے اس کی حفاظت کرتا ہے۔

186. عَنْ اَبِیْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ، يَلْتَقِيَانِ، فَيُعْرِضُ هٰذَا وَيُعْرِضُ هٰذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِیْ يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ. [رواه البخاري، كتاب الأدب :6077]

سیدنا ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی شخص کے لیے جائز نہیں کہ اپنے کسی بھائی سے تین دن سے زیادہ کے لیے ملاقات چھوڑ دے، اس طرح کہ جب دونوں کا سامنا ہو جائے تو یہ بھی منہ پھیر لے اور وہ بھی منہ پھیر لے اور ان دونوں میں بہتر وہ ہے جو سلام میں پہل کرے۔

187. عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

الصِّيَامِ وَالصَّلَاةِ وَالصَّدَقَةِ قَالُوا: بَلٰى يَا رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ! قَالَ: اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ الْحَالِقَةُ. [رواه أبوداؤد، كتاب الأدب:4919]

سیدنا ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم کو بتا دوں وہ بات جو روزے، نماز اور صدقہ کرنے سے بہتر ہے؟ انہوں نے کہا، کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ: آپ ﷺ نے فرمایا: آپس میں صلح کرواؤ اور آپس کا فساد مونڈ دینے والا ہے۔

188. عَنْ اَبِیْ مُوسٰی رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا، وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ. [رواه البخاري، كتاب المظالم: 2446]

سیدنا ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک مومن دوسرے مومن کے لیے ایک عمارت کی مانند ہے جس کا ایک حصہ دوسرے کو مضبوط کرتا ہے اور آپ ﷺ نے اپنی ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال دیا۔

189. عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَرَاحُمِهِمْ وَتَوَادِّهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ اِذَا اشْتَكٰى عُضْوًا تَدَاعٰى لَهُ سَائِرُ جَسَدِهِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى. [رواه البخاري، كتاب الأدب: 6011]

سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم مومنوں کو آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ رحمت و محبت کا معاملہ کرنے اور ایک دوسرے کے ساتھ لطف و نرم خوئی میں ایک جسم جیسا پاؤ گے کہ جب اس کا کوئی عضو تکلیف میں ہوتا ہے تو سارا جسم بخار اور نیند اڑنے کے ساتھ اس تکلیف میں شامل ہو جاتا ہے۔

190. عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ، لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ، مَنْ كَانَ فِيْ حَاجَةِ اَخِيْهِ، كَانَ اللّٰهُ فِيْ حَاجَتِهِ، وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً، فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ بِهَا كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ سَتَرَ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. [رواہ مسلم، کتاب البر والصلۃ : 6578]

سالمؒ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اس پر ظلم کرے اور نہ اس کو (دشمن کے) حوالے کرے، جو شخص اپنے بھائی کی مدد میں ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مدد میں ہوتا ہے اور جو شخص کسی مسلمان سے کوئی مصیبت دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کی مصیبتوں میں سے اس کی ایک مصیبت دور کرے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا۔

191. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ عَادَ مَرِیْضًا اَوْ زَارَ اَخًا لَهُ فِی اللّٰهِ نَادَاهُ مُنَادٍ اَنْ طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاکَ وَتَبَوَّأْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا.

[رواہ الترمذی، کتاب البر و الصلۃ: 2008]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی بیمار کی بیمار پرسی کرے یا محض صرف اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے بھائی کی زیارت کرے تو ایک پکارنے والا با آواز بلند کہتا ہے کہ تجھے مبارک ہو اور تیرا چلنا خوش گوار ہو اور تجھے جنت میں ٹھکانہ نصیب ہو۔

192. عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا عَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ، لَمْ یَزَلْ فِیْ خُرْفَةِ الْجَنَّةِ حَتّٰی یَرْجِعَ. [رواہ مسلم، کتاب البر والصلۃ:6553]

سیدنا ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مسلمان جب اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے تو واپس آنے تک وہ جنت کے باغ میں رہتا ہے۔

193. عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا مَا کَانَ النَّبِیُّ ﷺ یَصْنَعُ فِیْ بَیْتِهِ؟ قَالَتْ: کَانَ یَکُوْنُ فِیْ مِهْنَةِ اَهْلِهِ، تَعْنِیْ: فِیْ خِدْمَةِ اَهْلِهِ فَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ خَرَجَ اِلَی الصَّلَاةِ. [رواہ البخاری، کتاب الأذان : 676]

اسودؒ سے روایت ہے کہ میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ نبی کریم ﷺ اپنے گھر میں کیا کیا کرتے تھے آپؓ نے بتایا کہ وہ اپنے گھر کے کام کاج یعنی اپنے گھر والوں کی خدمت کیا کرتے تھے اور جب نماز کا وقت



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ہوتا فوراً (کام کاج چھوڑ کر) نماز کے لیے چلے جاتے تھے۔

194. عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ: سَاَلْتُ النَّبِیَّ ﷺ: اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اِیْمَانٌ بِاللّٰہِ وَجِھَادٌ فِیْ سَبِیْلِہٖ قُلْتُ: فَاَیُّ الرِّقَابِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اَعْلَاھَا ثَمَنًا وَاَنْفَسُھَا عِنْدَ اَھْلِھَا، قُلْتُ: فَاِنْ لَمْ اَفْعَلْ؟ قَالَ: تُعِیْنُ ضَائِعًا اَوْتَصْنَعُ لِاَخْرَقَ، قَالَ: فَاِنْ لَمْ اَفْعَلْ؟ قَالَ: تَدَعُ النَّاسَ مِنَ الشَّرِّ فَاِنَّھَا صَدَقَةٌ تَصَدَّقُ بِھَا عَلٰی نَفْسِکَ. [صحیح البخاری، کتاب العتق: 2518]

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا: کون سا عمل افضل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ پر ایمان لانا اور اس کی راہ میں جہاد کرنا۔ میں نے کہا: کون سا غلام آزاد کرنا افضل ہے آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی قیمت زیادہ ہو اور وہ اس کے مالک کو بھی بہت پسند ہو، میں نے عرض کیا: اگر میں یہ نہ کرسکوں، آپ ﷺ نے فرمایا: کسی ہنرمند یا بے ہنر کی مدد کر۔ میں نے عرض کیا: اگر یہ بھی نہ کرسکوں، آپ ﷺ نے فرمایا: تو لوگوں کو اپنی برائی سے بچا تو بے شک یہ صدقہ ہے جو تو اپنے نفس پر کرتا ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# بِرُّ الْوَالِدَيْنِ

## والدین سے حسنِ سلوک

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَقَضٰی رَبُّکَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِیَّاہُ وَ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا ؕ ...

[بنی اسرائیل :23]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور تیرے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تم کسی کی عبادت نہ کرو، مگر صرف اس کی اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ اِحْسٰنًا ؕ ... [الاحقاف : 15]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ہم نے انسان کو وصیت کی کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرے۔

195. عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْ کَرِبَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ یُوْصِیْکُمْ بِأُمَّهَاتِکُمْ، ثُمَّ یُوْصِیْکُمْ بِأُمَّهَاتِکُمْ، ثُمَّ یُوْصِیْکُمْ بِآبَائِکُمْ، ثُمَّ یُوْصِیْکُمْ بِالْأَقْرَبِ فَالْأَقْرَبِ. [رواہ البخاری فی الأدب المفرد، باب برّ الأقرب : 60]

سیدنا مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں تمہاری ماؤں کے ساتھ (حسن سلوک کی) وصیت کرتا ہے۔ پھر تمہیں تمہاری ماؤں کے ساتھ (حسن سلوک کی) وصیت کرتا ہے۔ پھر تمہیں تمہارے باپوں کے ساتھ (حسن سلوک کی) وصیت کرتا ہے۔ پھر تمہیں قرابت داروں کے ساتھ درجہ بہ درجہ (حسن سلوک کی) وصیت کرتا ہے۔

196. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: رِضَا الرَّبِّ فِیْ رِضَا الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِیْ سَخَطِ الْوَالِدِ. [رواہ الترمذی، کتاب البر و الصلة : 1899]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: والد کی رضا میں رب کی رضا ہے اور والد کے غصے میں رب کا غصہ ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

197. عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ سَمِعَ النَّبِیَّ ﷺ يَقُولُ: اَلْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَاضِعْ ذٰلِکَ الْبَابَ اَوِ احْفَظْهُ. [رواه ابن ماجه، کتاب الأدب: 3663]

سیدنا ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا: والد جنت کا درمیانی دروازہ ہے چاہے اس دروازے کو ضائع کردو یا اس کی حفاظت کرو۔

198. عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہما قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ مِنْ اَكْبَرِ الْكَبَائِرِ اَنْ يَلْعَنَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ، قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَلْعَنُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ؟ قَالَ: يَسُبُّ الرَّجُلُ اَبَا الرَّجُلِ، فَيَسُبُّ اَبَاهُ وَيَسُبُّ اُمَّهُ.

[رواه البخاری، کتاب الأدب: 5973]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یقیناً سب سے بڑے گناہوں میں سے یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے والدین پر لعنت بھیجے۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ ﷺ! کوئی شخص اپنے ہی والدین پر کیسے لعنت بھیجے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ آدمی دوسرے آدمی کے باپ کو برا بھلا کہے گا تو دوسرا بھی اس کے باپ کو اور اس کی ماں کو برا بھلا کہے گا۔

199. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا يَجْزِیْ وَلَدٌ وَالِدَهُ اِلَّا اَنْ يَجِدَهُ مَمْلُوْكًا فَيَشْتَرِيَهُ فَيُعْتِقَهُ. [رواه أبو داؤد، کتاب الأدب: 5137]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی اولاد، اپنے والد کے احسان کا بدلہ نہیں چکا سکتی، مگر یہ کہ وہ اپنے والد کو غلام پائے اور وہ اسے خرید کر آزاد کردے۔

200. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ اَحَقُّ بِحُسْنِ صَحَابَتِیْ؟ قَالَ: اُمُّکَ، قَالَ: [ثُمَّ] مَنْ؟ قَالَ: [ثُمَّ] اُمُّکَ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: [ثُمَّ] اُمُّکَ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ اَبُوْکَ.

[رواه البخاری، کتاب الأدب: 5971]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! میرے اچھے سلوک کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟ فرمایا: تمہاری ماں۔ پوچھا اس کے بعد کون؟ فرمایا: تمہاری ماں۔ اس نے پھر پوچھا اس کے بعد کون؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہاری ماں۔ اس نے پوچھا اس کے بعد کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تمہارا باپ۔

201. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: جِئْتُ اُبَايِعُكَ عَلَى الْهِجْرَةِ وَ تَرَكْتُ اَبَوَيَّ يَبْكِيَانِ، قَالَ: **اِرْجِعْ فَاَضْحِكْهُمَا كَمَا اَبْكَيْتَهُمَا**. [رواه أبو داؤد، كتاب الجهاد: 2528]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: میں آپ سے ہجرت پر بیعت کرنے کے لیے آیا ہوں اور میں نے اپنے والدین کو اس حال میں چھوڑا کہ دونوں رو رہے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: واپس جاؤ اور انہیں ہنساؤ جیسا کہ تم نے انہیں رلایا ہے۔

202. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَعْرَابِ لَقِيَهُ بِطَرِيْقِ مَكَّةَ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ، وَحَمَلَهُ عَلٰى حِمَارٍ كَانَ يَرْكَبُهُ، وَاَعْطَاهُ عِمَامَةً كَانَتْ عَلٰى رَاْسِهِ، فَقَالَ ابْنُ دِيْنَارٍ: فَقُلْنَا لَهُ: اَصْلَحَكَ اللّٰهُ! اِنَّهُمُ الْاَعْرَابُ، اِنَّهُمْ يَرْضَوْنَ بِالْيَسِيْرِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اِنَّ اَبَا هٰذَا كَانَ وُدًّا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ: **اِنَّ اَبَرَّ الْبِرِّ صِلَةُ الْوَلَدِ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ.**

[رواه مسلم، كتاب البر و الصلة: 6513]

عبداللہ بن دینار رحمہ اللہ سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دیہاتی آدمی انہیں ایک راستے میں ملا، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اسے سلام کیا اور اسے اس گدھے پر سوار کر لیا جس پر وہ خود سوار تھے اور اسے وہ عمامہ بھی دے دیا جو ان کے سر پر تھا۔ ابنِ دینار کہتے ہیں کہ ہم نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا، اللہ آپ کا بھلا کرے، یہ تو دیہاتی لوگ ہیں، تھوڑی سی چیز سے بھی راضی ہو جاتے ہیں۔ سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس شخص کا باپ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا دوست تھا اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: کہ سب سے بڑی نیکی آدمی کا اپنے باپ کے دوستوں سے نیکی کرنا ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الشَّفُقَةُ مَعَ الصِّبُيَانِ

## بچوں کے ساتھ شفقت

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى... وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ...

[الانعام: 151]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو، ہم تمہیں بھی رزق دیتے ہیں اور اُن کو بھی دیں گے۔

203. عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ صَلَاةَ الْاُوْلٰى، ثُمَّ خَرَجَ اِلٰى اَهْلِهِ وَخَرَجْتُ مَعَهُ، فَاسْتَقْبَلَهُ وِلْدَانٌ، فَجَعَلَ يَمْسَحُ خَدَّىْ اَحَدِهِمْ وَاحِدًا، وَاحِدًا قَالَ: وَاَمَّا اَنَا فَمَسَحَ خَدِّىْ، قَالَ: فَوَجَدْتُّ لِيَدِهِ بَرْدًا اَوْرِيْحًا كَاَنَّمَا اَخْرَجَهَا مِنْ جُؤْنَةِ عَطَّارٍ. [رواه مسلم، كتاب الفضائل: 6052]

سیدنا جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ظہر کی نماز پڑھی پھر آپ ﷺ اپنے گھر جانے کو نکلے اور میں بھی آپ ﷺ کے ساتھ نکلا، تو سامنے سے کچھ بچے آئے، آپ ﷺ نے ہر ایک کے رخساروں پر ایک ایک کر کے ہاتھ پھیرا۔ سیدنا جابر رضی اللہ عنہ نے کہا اور جہاں تک میں ہوں تو آپ ﷺ نے میرے رخسار پر بھی ہاتھ پھیرا، میں نے آپ ﷺ کے ہاتھ میں وہ ٹھنڈک یا خوشبو پائی جیسے خوشبو ساز کے ڈبے میں سے ہاتھ نکالا ہو۔

204. عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ: مَا رَاَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشْبَهَ سَمْتًا وَدَلًّا وَهَدْيًا وَقَالَ الْحَسَنُ: حَدِيْثًا وَكَلَامًا وَلَمْ يَذْكُرِ الْحَسَنُ السَّمْتَ وَالْهَدْىَ وَالدَّلَّ، بِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مِنْ فَاطِمَةَ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهَا كَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ اِلَيْهَا فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَاَجْلَسَهَا فِىْ مَجْلِسِهِ، وَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ اِلَيْهِ فَاَخَذَتْ بِيَدِهِ فَقَبَّلَتْهُ وَاَجْلَسَتْهُ فِىْ مَجْلِسِهَا.

[رواه أبو داؤد، كتاب الأدب: 5217]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

امّ المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے فرمایا میں نے عادت، وضع اور چال میں سیدہ فاطمہ کی نسبت رسول اللہ ﷺ سے زیادہ مشابہ کسی کو نہیں دیکھا [اور حسن نے کہا بات اور کلام میں اور حسن نے عادت، وضع اور چال کا ذکر نہیں کیا] جب وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آتیں تو آپ ﷺ کھڑے ہو جاتے اور ان کا ہاتھ پکڑ لیتے اور انہیں پیار کرتے اور اپنی جگہ بٹھاتے، اسی طرح جب رسول اللہ ﷺ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاتے تو وہ کھڑی ہو جاتیں آپ کا ہاتھ پکڑتیں اور آپ ﷺ کو پیار کرتیں اور اپنی جگہ بٹھاتیں۔

205. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ يَقُوْلُ: اِنْ كَانَ النَّبِيُّ ﷺ لَيُخَالِطُنَا حَتّٰى يَقُوْلَ لِاَخٍ لِّيْ صَغِيْرٍ: **يَا اَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟** [رواه البخاري، كتاب الأدب: 6129]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ ہم بچوں سے دل لگی کرتے یہاں تک کہ میرے چھوٹے بھائی سے فرماتے: اے ابوعمیر! تیری نغیر (چڑیا) نے کیا کیا؟

206. عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ قَالَ: **عَقَلْتُ مِنَ النَّبِيِّ ﷺ مَجَّةً مَجَّهَا فِيْ وَجْهِيْ (وَاَنَا ابْنُ خَمْسِ سِنِيْنَ) مِنْ دَلْوٍ.** [رواه البخاري، كتاب العلم: 77]

سیدنا محمود بن ربیع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ مجھے یاد ہے کہ (ایک مرتبہ) نبی ﷺ نے ایک ڈول سے منہ میں پانی لے کر میرے چہرے پر پھینکا، (اور اس وقت میں پانچ سال کا تھا)۔

207. عَنِ الْبَرَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلٰى عَاتِقِهِ يَقُوْلُ: **اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّهُ فَاَحِبَّهُ.** [رواه البخاري، كتاب فضائل أصحاب النبي ﷺ: 3749]

سیدنا براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے کاندھے مبارک پر تھے اور آپ ﷺ یہ فرما رہے تھے: اے اللہ! مجھے اس سے محبت ہے تو بھی اس سے محبت رکھ۔

208. عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ رضی اللہ عنہما وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ: اَعْطَانِيْ اَبِيْ عَطِيَّةً، فَقَالَتْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ: لَا اَرْضٰى حَتّٰى تُشْهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ، فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ، فَقَالَ: **اِنِّيْ اَعْطَيْتُ ابْنِيْ مِنْ عَمْرَةَ بِنْتِ رَوَاحَةَ عَطِيَّةً، فَاَمَرَتْنِيْ اَنْ اُشْهِدَكَ**


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اَعْطَيْتَ سَائِرَ وَلَدِكَ مِثْلَ هٰذَا؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْدِلُوْا بَيْنَ اَوْلَادِكُمْ. قَالَ: فَرَجَعَ فَرَدَّ عَطِيَّتَهُ. [رواه البخاري، كتاب الهبة: 2587]

سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما منبر پر بیان کر رہے تھے کہ میرے باپ نے مجھے ایک عطیہ دیا تو عمرہ بنت رواحہ رضی اللہ عنہا (نعمان کی والدہ) نے کہا کہ جب تک آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پر گواہ نہ بنائیں میں راضی نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا بے شک میں نے اپنے بیٹے کو جو عمرہ بنت رواحہ سے ہیں ایک عطیہ دیا تو اے اللہ کے رسول! اس نے مجھے کہا ہے کہ آپ کو پہلے اس پر گواہ بنالوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اسی جیسا عطیہ تم نے اپنی تمام اولاد کو دیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں، اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد کے درمیان انصاف قائم رکھو۔ کہتے ہیں: چنانچہ وہ واپس ہوئے اور اپنا ہدیہ واپس لے لیا۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# عِشْرَةُ النِّسَاءِ

## عورتوں کے ساتھ (حسن سلوک)

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ○ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ○ (التکویر: 8-9)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور جب زندہ گاڑی گئی لڑکی سے پوچھا جائے گا۔ وہ کس گناہ میں قتل کی گئی۔

209. اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ ﷺ قَالَتْ: جَاءَتْنِي اِمْرَاَةٌ مَعَهَا ابْنَتَانِ تَسْاَلُنِي، فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي غَيْرَ تَمْرَةٍ وَاحِدَةٍ فَاَعْطَيْتُهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا، ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ فَدَخَلَ النَّبِيُّ ﷺ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ: **مَنْ يَلِي مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ شَيْئًا، فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِّنَ النَّارِ.** [رواه البخاري، كتاب الأدب: 5995]

نبی کریم ﷺ کی زوجہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ میرے پاس ایک عورت اپنی دو بچیوں کے ہمراہ مانگنے آئی۔ میرے پاس سوائے ایک کھجور کے کچھ نہ تھا۔ میں نے وہ کھجور اُسے دے دی اور اس نے وہ کھجور اپنی دو لڑکیوں میں تقسیم کر دی۔ پھر اٹھ کر چلی گئی پھر نبی ﷺ داخل ہوئے تو میں نے آپ ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جس کو ان بیٹیوں کے ذریعے کسی بھی آزمائش میں ڈالے اور وہ ان کے ساتھ بہتر سلوک کرے تو وہ اس کے لیے جہنم سے بچاؤ کا ذریعہ ہوں گی۔

210. عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: هَلَكَ اَبِي وَ تَرَكَ سَبْعَ اَوْ تِسْعَ بَنَاتٍ فَتَزَوَّجْتُ اِمْرَاَةً فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: **تَزَوَّجْتَ يَا جَابِرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: بِكْرًا اَمْ ثَيِّبًا؟ قُلْتُ: ثَيِّبًا، قَالَ: هَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَ تُلَاعِبُكَ اَوْ تُضَاحِكُهَا وَ تُضَاحِكُكَ قُلْتُ: هَلَكَ اَبِي فَتَرَكَ سَبْعَ اَوْ تِسْعَ بَنَاتٍ فَكَرِهْتُ اَنْ اَجِيئَهُنَّ بِمِثْلِهِنَّ فَتَزَوَّجْتُ امْرَاَةً تَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ، قَالَ: فَبَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكَ.** [رواه البخاري، كتاب الدعوات: 6387]



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میرے والد شہید ہوئے تو انہوں نے سات یا نو لڑکیاں چھوڑی تھیں (راوی کو تعداد میں شبہ تھا) پھر میں نے ایک عورت سے شادی کی تو نبی کریم ﷺ نے دریافت فرمایا: جابر کیا تم نے شادی کر لی ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں۔ فرمایا: کنواری سے یا بیاہی سے؟ میں نے کہا: بیاہی سے، فرمایا: کسی کنواری سے کیوں نہ کی، تم اس کے ساتھ کھیلتے اور وہ تمہارے ساتھ کھیلتی یا تم اسے ہنساتے وہ تمہیں ہنساتی۔ میں نے عرض کی: میرے والد (حضرت عبداللہ) شہید ہوئے اور سات یا نو بیٹیاں چھوڑ گئے۔ تو میں نے پسند نہ کیا کہ ان جیسی لڑکی لاؤں۔ چنانچہ میں نے ایسی عورت سے شادی کی جو ان کی نگرانی کر سکے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تمہیں برکت عطا فرمائے۔

211. عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **حُبِّبَ اِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا، اَلنِّسَاءُ وَ الطِّيْبُ، وَ جُعِلَ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلَاةِ.** [رواه النسائي، كتاب عشرة النساء: 3391]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دنیا میں سے عورتیں اور خوشبو مجھے محبوب کی گئی ہیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھ دی گئی ہے۔

212. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ الْقُرَشِيِّ التَّيْمِيِّ، اَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: **فَاِنَّمَا ابْنَتِيْ بَضْعَةٌ مِنِّيْ، يَرِيْبُنِيْ مَا رَابَهَا وَيُؤْذِيْنِيْ مَا آذَاهَا.** [رواه مسلم، كتاب فضائل الصحابه: 6307]

عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ قرشی تیمیؒ سے مروی ہے کہ سیدنا مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا: بے شک میری بچی (سیدہ فاطمہ) میرے جگر کا ٹکڑا ہے۔ جو چیز اسے پریشان کرے گی وہ مجھے بھی پریشان کرے گی اور جو بات اسے اذیت دے گی وہ مجھے بھی اذیت دے گی۔

213. عَنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: **اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الْاُمَّهَاتِ، وَمَنْعًا وَهَاتِ، وَوَأْدَ الْبَنَاتِ، وَكَرِهَ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ،**



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

وَاِضَاعَةَ الْمَالِ. [رواہ البخاری ، کتاب الأدب : 5975]

سیدنا مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے تم پر ماؤں کی نافرمانی حرام کر دی، ادائیگی حقوق سے ہاتھ روکنا اور ناحق ان سے مطالبات کرنا بھی حرام قرار دیا اور لڑکیوں کو زندہ در گور کرنا اور تمہارے لیے لایعنی گفتگو اور سوالوں کی کثرت اور مال کا ضیاع ناپسند کیا۔

214. قَالَتْ عَائِشَةُ: نِعْمَ النِّسَاءُ نِسَاءُ الْاَنْصَارِ! لَمْ يَكُنْ يَمْنَعُهُنَّ الْحَيَاءُ اَنْ يَتَفَقَّهْنَ فِي الدِّيْنِ. [رواہ مسلم ، کتاب الحيض : 750]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: انصار کی عورتیں بھی بہت خوب ہیں، دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرنے کے سلسلے میں شرم وحیا ان کے لیے رکاوٹ نہیں بنتی۔

215. قَالَ عُمَيْرٌ: فَحَدَّثَتْنَا اُمُّ حَرَامٍ اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ ﷺ يَقُوْلُ: اَوَّلُ جَيْشٍ مِنْ اُمَّتِيْ يَغْزُوْنَ الْبَحْرَ قَدْ اَوْجَبُوْا، قَالَتْ اُمُّ حَرَامٍ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اَنَا فِيْهِمْ؟ قَالَ: اَنْتِ فِيْهِمْ. [رواہ البخاری، کتاب الجهاد و السير: 2924 ]

عمیرؒ سیدہ ام حرام رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری امت کا پہلا لشکر جو سمندر میں جنگ کرے گا اس کے لیے جنت واجب ہے۔ سیدہ امّ حرام رضی اللہ عنہا نے عرض کی اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا میں بھی ان میں شامل ہوں گی؟ فرمایا: ہاں تم ان میں شامل ہو گی۔


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَلْمَسَرَّةُ فِیْ عِشْرَةِ الزَّوْجَیْنِ

## خوشگوار ازدواجی تعلقات

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّرَحْمَۃً... [الروم: 21]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے جوڑے پیدا کیے تا کہ تم ان سے سکون حاصل کرو اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت ڈال دی۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: ...وَعَاشِرُوْھُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ... [النسآء: 19]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور ان (عورتوں) کے ساتھ بھلے طریقے سے زندگی بسر کرو۔

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: ...ھُنَّ لِبَاسٌ لَّکُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّھُنَّ... [البقرۃ: 187]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وہ تمہارے لیے لباس ہیں اور تم اُن کے لیے لباس ہو۔

216. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: لَمْ یُرَ لِلْمُتَحَابَّیْنِ مِثْلُ النِّکَاحِ.

[رواہ ابن ماجہ، کتاب النکاح: 1847]

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو محبت کرنے والوں کے لیے نکاح سے بہتر کوئی چیز نہیں دیکھی گئی۔

217. عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: خِیَارُکُمْ خِیَارُکُمْ لِنِسَائِھِمْ.

[رواہ ابن ماجہ، کتاب النکاح: 1978]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہیں جو اپنی عورتوں کے لیے بہتر ہیں۔

218. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: خَیْرُکُمْ خَیْرُکُمْ لِاَھْلِہٖ وَاَنَا خَیْرُکُمْ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لِاَهْلِیْ. [رواہ ابن ماجہ، کتاب النکاح : 1977]

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہو اور تم سب کی نسبت میں اپنے گھر والوں کے لیے بہتر ہوں۔

219. عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ مَا کَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یَصْنَعُ فِیْ اَهْلِهٖ؟ قَالَتْ: کَانَ فِیْ مِهْنَةِ اَهْلِهٖ، فَاِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ قَامَ اِلَی الصَّلَاةِ.

[رواہ البخاری، کتاب الأدب : 6039]

اسودؒ سے روایت ہے کہ میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر والوں کے درمیان کیا کیا کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: اپنے گھر کے کام کاج کرتے اور جب نماز کا وقت ہو جاتا تو نماز کے لیے (مسجد) تشریف لے جاتے۔

220. عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: کُنْتُ اَشْرَبُ وَاَنَا حَائِضٌ، ثُمَّ اُنَاوِلُهُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَیَضَعُ فَاهُ عَلٰی مَوْضِعِ فِیَّ، فَیَشْرَبُ، وَاَتَعَرَّقُ الْعَرْقَ وَاَنَا حَائِضٌ، ثُمَّ اُنَاوِلُهُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَیَضَعُ فَاهُ عَلٰی مَوْضِعِ فِیَّ. [رواہ مسلم، کتاب الحیض :692]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتی ہیں: میں پانی پیتی پھر یہی برتن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیتی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی جگہ منہ رکھتے جہاں میں نے رکھ کر پیا ہوتا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پانی پیتے حالانکہ میں حالت حیض میں ہوتی اور میں اپنے دانتوں سے ہڈی سے گوشت الگ کرتی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دے دیتی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی جگہ منہ لگاتے جہاں میں نے لگایا ہوتا حالانکہ میں حالت حیض میں ہوتی۔

221. عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنَ الْبَقِیْعِ فَوَجَدَنِیْ وَاَنَا اَجِدُ صُدَاعًا فِیْ رَاْسِیْ وَاَنَا اَقُوْلُ: وَارَاْسَاهُ فَقَالَ: بَلْ اَنَا، یَا عَائِشَةُ وَارَاْسَاهُ ثُمَّ قَالَ: مَا ضَرَّکِ لَوْ مِتِّ قَبْلِیْ فَقُمْتُ عَلَیْکِ فَغَسَّلْتُکِ وَکَفَّنْتُکِ وَصَلَّیْتُ عَلَیْکِ وَدَفَنْتُکِ. [رواہ ابن ماجہ، کتاب الجنائز: 1465]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقیع سے لوٹے تو میرے سر میں درد تھا اور میں کہہ رہی تھی ہائے! میرا سر! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ میں، اے عائشہ، ہائے میرا سر! پھر انہوں نے فرمایا: تمہارا کیا نقصان اگر



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

تم اس کے سبب مجھ سے پہلے فوت ہوگئی تو میں خود تمہارا خیال رکھوں گا، تمہیں غسل دوں گا اور کفن پہناؤں گا اور تمہاری نمازِ جنازہ پڑھاؤں گا اور تمہیں دفن کروں گا۔

222.عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها سَقَطَتْ قِلَادَةٌ لِيْ بِالْبَيْدَاءِ وَنَحْنُ دَاخِلُوْنَ الْمَدِيْنَةَ، فَأَنَاخَ النَّبِيُّ ﷺ وَنَزَلَ، فَثَنٰى رَأْسَهُ فِيْ حَجْرِيْ رَاقِدًا، أَقْبَلَ أَبُوْ بَكْرٍ فَلَكَزَنِيْ لَكْزَةً شَدِيْدَةً وَقَالَ: حَبَسْتِ النَّاسَ فِيْ قِلَادَةٍ، فَبِيَ الْمَوْتُ، لِمَكَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَقَدْ أَوْجَعَنِيْ. [رواه البخاري، كتاب التفسير: 4608]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں: میرا ہار بیداء کے مقام پر گر گیا اور ہم اس وقت مدینہ واپس آ رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے (ہار ڈھونڈنے کے لیے) اونٹ بٹھایا، نیچے اترے اور سر میری گود میں رکھ کر سو گئے۔ اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے۔ انہوں نے مجھے زور سے کچوکا لگایا اور کہنے لگے ایک ہار کے لیے تو نے سارے لوگوں کو روک دیا؟ ہر چند کہ درد ہوا لیکن رسول اللہ ﷺ کے آرام کے خیال سے میں مردے کی طرح ساکت رہی۔

223. عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: وَكَانَ يَوْمَ عِيْدٍ يَلْعَبُ السُّوْدَانُ بِالدَّرَقِ وَالْحِرَابِ، فَإِمَّا سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَإِمَّا قَالَ: تَشْتَهِيْنَ أَنْ تَنْظُرِيْ؟ فَقَالَتْ: نَعَمْ، فَأَقَامَنِيْ وَرَاءَهُ، خَدِّيْ عَلٰى خَدِّهِ وَيَقُوْلُ: دُوْنَكُمْ يَا بَنِيْ أَرْفِدَةَ، حَتّٰى إِذَا مَلِلْتُ، قَالَ: حَسْبُكِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاذْهَبِيْ. [رواه البخاري، كتاب الجهاد والسير: 2907]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں: عید کا دن تھا حبشی اپنے ڈھالوں اور برچھیوں سے کھیل رہے تھے۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے درخواست کی یا آپ ﷺ نے خود ہی فرمایا: کیا تم کھیل دیکھنا چاہتی ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں، آپ ﷺ نے مجھے اپنے پیچھے کھڑا کر لیا، میرا گال آپ ﷺ کے گال پر تھا اور آپ ﷺ حبشیوں سے فرما رہے تھے۔ اے بنی ارفدہ! اپنا کھیل جاری رکھو، حتیٰ کہ کھیل دیکھتے دیکھتے جب میرا جی بھر گیا تو آپ ﷺ نے پوچھا: کافی ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں، آپ ﷺ نے فرمایا: اچھا جاؤ۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

224. عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ اَوْ خَيْبَرَ وَ فِىْ سَهْوَتِهَا سِتْرٌ، فَهَبَّتِ الرِّيْحُ فَكَشَفَتْ نَاحِيَةَ السِّتْرِ عَنْ بَنَاتٍ لِعَائِشَةَ لُعَبٍ، فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا عَائِشَةُ؟ قَالَتْ: بَنَاتِىْ، وَرَاٰى بَيْنَهُنَّ فَرَسًا، لَهُ جَنَاحَانِ مِنْ رِقَاعٍ، فَقَالَ: مَا هٰذَا الَّذِىْ اَرٰى وَسْطَهُنَّ؟ قَالَتْ: فَرَسٌ، قَالَ: وَمَا هٰذَا الَّذِىْ عَلَيْهِ؟ قُلْتُ: جَنَاحَانِ، قَالَ: فَرَسٌ لَهُ جَنَاحَانِ؟ قَالَتْ: اَمَا سَمِعْتَ اَنَّ لِسُلَيْمَانَ خَيْلًا لَهَا اَجْنِحَةٌ؟ قَالَتْ: فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ حَتّٰى رَاَيْتُ نَوَاجِذَهُ. [رواه أبوداؤد، كتاب الأدب: 4932]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ غزوہ تبوک یا غزوہ خیبر سے واپس لوٹے، میرے گھر کے طاق پر پردہ پڑا ہوا تھا۔ ہوا چلنے سے پردے کا ایک کونہ اڑا اور میری گڑیاں نظر آنے لگیں۔ آپ ﷺ نے پوچھا: اے عائشہ یہ کیا ہیں؟ میں نے کہا: میری گڑیاں ہیں۔ آپ ﷺ نے دیکھا ان گڑیوں میں ایک گھوڑا بھی تھا جس کے کپڑے کے دو پر تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے اوپر کیا ہے؟ میں نے کہا کہ دو پر ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: گھوڑوں کے بھی پر ہوتے ہیں؟ میں نے کہا: آپ ﷺ نے سنا نہیں، حضرت سلیمانؑ کے پاس پروں والے گھوڑے تھے۔ یہ سُن کر رسول اللہ ﷺ ہنس پڑے یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں دکھائی دینے لگیں۔

225. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: كُنْتُ اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عِنْدَ النَّبِيِّ ﷺ وَكَانَ لِىْ صَوَاحِبُ يَلْعَبْنَ مَعِىْ، فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِذَا دَخَلَ يَتَقَمَّعْنَ مِنْهُ فَيُسَرِّبُهُنَّ اِلَىَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِىْ. [رواه البخاري، كتاب الأدب: 6130]

سیدہ عائشہ رضی اللہ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم ﷺ کے یہاں گڑیوں سے کھیلا کرتی تھی اور میری بہت سی سہیلیاں بھی میرے ساتھ کھیلا کرتی تھیں۔ جب رسول اللہ ﷺ گھر میں تشریف لاتے تو وہ چھپ جاتیں تو آپ ﷺ انہیں (تلاش کر کے) میرے پاس بھیجتے پھر وہ میرے ساتھ کھیلتیں۔

226. عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِىْ سَفَرٍ، قَالَتْ: فَسَابَقْتُهُ فَسَبَقْتُهُ عَلٰى



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

رِجْلَیَّ، فَلَمَّا حَمَلْتُ اللَّحْمَ سَابَقْتُهُ فَسَبَقَنِیْ فَقَالَ: هٰذِهٖ بِتِلْکَ السَّبْقَةِ.

[رواه أبوداؤد، کتاب الجهاد : 2578]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ وہ ایک سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھیں، فرماتی ہیں: میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دوڑ کا مقابلہ کیا تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے آگے نکل گئی۔ پھر جب میرا جسم بھاری ہو گیا تو (ایک بار) پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دوڑ کا مقابلہ کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے آگے بڑھ گئے۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اس جیت کا بدلہ ہے۔

227. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: اَتَی النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلٰی بَعْضِ نِسَائِهٖ وَمَعَهُنَّ اُمُّ سُلَیْمٍ فَقَالَ: وَیْحَکَ یَا اَنْجَشَةُ! رُوَیْدَکَ سَوْقًا بِالْقَوَارِیْرِ.

[رواه البخاری، کتاب الأدب :6149]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بعض عورتوں کے پاس آئے (جو اونٹوں پر جا رہی تھیں) اور امِ سُلیم رضی اللہ عنہا بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: افسوس اے انجشہ! ان شیشوں کو آہستہ لے کر چلو۔

228. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ اَقْبَلَ هُوَ وَاَبُوْ طَلْحَةَ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَمَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم صَفِیَّةُ مُرْدِفُهَا عَلٰی رَاحِلَتِهٖ، فَلَمَّا کَانُوْا بِبَعْضِ الطَّرِیْقِ عَثَرَتِ النَّاقَةُ، فَصُرِعَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم وَالْمَرْاَةُ، وَاَنَّ اَبَا طَلْحَةَ قَالَ: اَحْسِبُ، اِقْتَحَمَ عَنْ بَعِیْرِهٖ، فَاَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: یَا نَبِیَّ اللّٰهِ، جَعَلَنِیَ اللّٰهُ فِدَاکَ، هَلْ اَصَابَکَ مِنْ شَیْءٍ؟ قَالَ: لَا، وَلٰکِنْ عَلَیْکَ بِالْمَرْاَةِ، فَاَلْقٰی اَبُوْ طَلْحَةَ ثَوْبَهٗ عَلٰی وَجْهِهٖ، فَقَصَدَ قَصْدَهَا، فَاَلْقٰی ثَوْبَهٗ عَلَیْهَا، فَقَامَتِ الْمَرْاَةُ فَشَدَّ لَهُمَا عَلٰی رَاحِلَتِهِمَا فَرَکِبَا.

[رواه البخاری، کتاب الأدب:6185]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ اور ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (مدینہ منورہ کے



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

لیے) روانہ ہوئے۔ اُم المؤمنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کے ساتھ سواری پر آپ ﷺ کے پیچھے بیٹھی ہوئی تھیں۔ راستے میں ایک جگہ اونٹنی کا پاؤں پھسل گیا اور نبی کریم ﷺ اور اُم المؤمنین نیچے گر گئے۔ انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میرے خیال میں ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے تقریباً اپنے آپ کو سواری سے گرا دیا اور فوراً رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو گئے اور عرض کیا: اے اللہ کے نبی ﷺ! اللہ مجھے آپ ﷺ پر قربان کرے کیا آپ ﷺ کو کوئی چوٹ تو نہیں آئی؟ نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں، البتہ عورت کی طرف دھیان کرو۔ چنانچہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے چہرے پر کپڑا ڈال لیا اور اُم المؤمنین کی طرف بڑھے پھر اپنا کپڑا اُن کے اوپر ڈال دیا۔ اس کے بعد وہ کھڑی ہو گئیں۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے پالان کی سواری کو دونوں کے لیے مضبوطی سے باندھا تو نبی ﷺ اور اُم المؤمنین اُس پر سوار ہو گئے۔

229. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اِذَا کُنْتِ عَنِّیْ رَاضِیَةً، وَاِذَا کُنْتِ عَلَیَّ غَضْبٰی، قَالَتْ: فَقُلْتُ: مِنْ اَیْنَ تَعْرِفُ ذٰلِکَ؟ فَقَالَ: اَمَّا اِذَا کُنْتِ عَنِّیْ رَاضِیَةً فَاِنَّکِ تَقُوْلِیْنَ: لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ، وَاِذَا کُنْتِ عَلَیَّ غَضْبٰی قُلْتِ: لَا وَرَبِّ اِبْرَاهِیْمَ، قَالَتْ، قُلْتُ: اَجَلْ، وَاللّٰہِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا اَهْجُرُ اِلَّا اسْمَکَ. [رواہ البخاری، کتاب النکاح: 5228]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: میں جان لیتا ہوں جب تم مجھ سے خوش ہوتی ہو اور جب تم مجھ سے ناراض ہوتی ہو۔ میں نے پوچھا آپ ﷺ کیسے جان لیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم مجھ سے خوش ہوتی ہو تو کہتی ہو نہیں، محمد ﷺ کے رب کی قسم اور جب تم مجھ سے ناراض ہوتی ہو تو کہتی ہو نہیں، ابراہیمؑ کے رب کی قسم۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے کہا، بے شک آپ ﷺ سچ کہتے ہیں۔ اللہ کی قسم اے اللہ کے رسول ﷺ (غصے میں) صرف آپ کا نام زبان سے نہیں لیتی۔

230. عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: اِفْتَقَدْتُّ النَّبِیَّ ﷺ ذَاتَ لَیْلَةٍ، فَظَنَنْتُ اَنَّهُ ذَهَبَ اِلٰی بَعْضِ نِسَائِهِ، فَتَحَسَّسْتُ ثُمَّ رَجَعْتُ، فَاِذَا هُوَ رَاکِعٌ اَوْ سَاجِدٌ یَقُوْلُ: سُبْحَانَکَ وَبِحَمْدِکَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، فَقُلْتُ: بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ اِنِّیْ لَفِیْ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

شَأْنٍ وَاِنَّکَ لَفِیْ آخَرَ . [رواہ مسلم، کتاب الصلاۃ: 1089]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ ایک رات میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پاس نہ پایا تو میں سمجھی شاید آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی اور بیوی کے پاس گئے ہیں۔ پھر میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کیا اور واپس لوٹی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع یا سجدہ میں تھے اور فرما رہے تھے سُبْحَانَکَ وَ بِحَمْدِکَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، میں نے کہا: میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان میں دوسرے خیال میں تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کس حال میں ہیں۔

231. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: لَمَّا كَانَتْ لَيْلَتِيَ الَّتِيْ كَانَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْهَا عِنْدِيْ، انْقَلَبَ فَوَضَعَ رِدَاءَهُ، وَخَلَعَ نَعْلَيْهِ، فَوَضَعَهُمَا عِنْدَ رِجْلَيْهِ وَبَسَطَ طَرَفَ اِزَارِهِ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَاضْطَجَعَ، فَلَمْ يَلْبَثْ اِلَّا رَيْثَمَا ظَنَّ اَنْ قَدْ رَقَدْتُّ، فَاَخَذَ رِدَاءَهُ رُوَيْدًا، وَانْتَعَلَ رُوَيْدًا وَفَتَحَ الْبَابَ رُوَيْدًا فَخَرَجَ، ثُمَّ اَجَافَهُ رُوَيْدًا، فَجَعَلْتُ دِرْعِيْ فِيْ رَاْسِيْ، وَاخْتَمَرْتُ، وَتَقَنَّعْتُ اِزَارِيْ، ثُمَّ انْطَلَقْتُ عَلٰى اِثْرِهِ، حَتّٰى جَاءَ الْبَقِيْعَ فَقَامَ، فَاَطَالَ الْقِيَامَ، ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ انْحَرَفَ فَانْحَرَفْتُ، فَاَسْرَعَ فَاَسْرَعْتُ، فَهَرْوَلَ فَهَرْوَلْتُ، فَاَحْضَرَ فَاَحْضَرْتُ، فَسَبَقْتُهُ فَدَخَلْتُ، فَلَيْسَ اِلَّا اَنِ اضْطَجَعْتُ فَدَخَلَ فَقَالَ: مَالَكِ؟ يَا عَائِشُ! حَشْيَا رَابِيَةً. قَالَتْ: قُلْتُ: لَا شَيْءَ. قَالَ: لَتُخْبِرِيْنِيْ اَوْ لَيُخْبِرَنِّي اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ! فَاَخْبَرْتُهُ، قَالَ: فَاَنْتِ السَّوَادُ الَّذِيْ رَاَيْتُ اَمَامِيْ؟ قُلْتُ: نَعَمْ فَلَهَدَنِيْ فِيْ صَدْرِيْ لَهْدَةً اَوْجَعَتْنِيْ، ثُمَّ قَالَ: اَظَنَنْتِ اَنْ يَحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْكِ وَرَسُوْلُهُ؟ قَالَتْ: مَهْمَا يَكْتُمُ النَّاسُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ، نَعَمْ . [رواہ مسلم، کتاب الجنائز: 2256]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک رات (جو کہ میری باری کی رات تھی) آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور اپنی چادر اتاری اور جوتے اتار کر اپنے دونوں پاؤں کے آگے رکھے، تہہ بند کا ایک کنارہ اپنے بستر پر بچھایا اور پھر لیٹ



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

گئے۔تھوڑی دیر اسی طرح لیٹے رہے پھر جب آپ ﷺ نے سمجھا کہ میں سوگئی ہوں تو آہستگی سے اپنی چادر لی، آہستگی سے جوتے پہنے، آہستگی سے دروازہ کھولا، پھر باہر نکلے اور آہستگی سے دروازہ بند کیا، میں نے بھی سر پر چادر اوڑھی، گھونگھٹ نکالا اور اپنا تہہ بند باندھا پھر آپ ﷺ کے پیچھے چل پڑی یہاں تک کہ آپ ﷺ بقیع (قبرستان) پہنچ گئے اور وہاں دیر تک کھڑے رہے۔ پھر آپ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ تین بار اٹھائے پھر وہ پلٹے تو میں بھی پلٹی، آپ ﷺ تیز چلے تو میں بھی تیز چلی، پھر آپ ﷺ دوڑے تو میں بھی دوڑی، پھر آپ ﷺ گھر آئے تو میں بھی گھر آگئی میں آپ ﷺ سے پہلے گھر پہنچی اور آتے ہی لیٹ گئی۔ پھر آپ ﷺ بھی گھر میں داخل ہوئے اور فرمایا: اے عائش! تمہیں کیا ہوا ہے جو تمہارا سانس پھول رہا ہے؟ فرماتی ہیں، میں نے عرض کیا: کچھ نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: البتہ تم بتاؤ گی نہیں تو وہ لطیف و خبیر مجھے خبر دے دے گا۔ کہتی ہیں میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہوں پھر میں نے آپ ﷺ کو سب کچھ بیان کر دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اچھا تو جو سایہ مجھے اپنے آگے نظر آ رہا تھا وہ تم ہی تھیں؟ میں نے کہا: ہاں آپ ﷺ نے پیار سے میرے سینے میں گھونسہ مارا۔ جس کا درد میں نے محسوس کیا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو یہ سمجھتی تھی کہ اللہ اور اس کا رسول تجھ پر ظلم کرے گا؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جو کچھ لوگ چھپاتے ہیں اللہ اس کو جانتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔

**232. عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: اَنَّهَا يَعْنِيْ اَتَتْ بِطَعَامٍ فِيْ صَحْفَةٍ لَهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَاَصْحَابِهٖ. فَجَاءَتْ عَائِشَةُ مُتَّزِرَةً بِكِسَاءٍ وَمَعَهَا فِهْرٌ فَفَلَقَتْ بِهِ الصَّحْفَةَ، فَجَمَعَ النَّبِيُّ ﷺ بَيْنَ فِلْقَتَيِ الصَّحْفَةِ وَيَقُوْلُ: كُلُوْا غَارَتْ اُمُّكُمْ. مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ صَحْفَةَ عَائِشَةَ فَبَعَثَ بِهَا اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ وَاَعْطٰى صَحْفَةَ اُمِّ سَلَمَةَ عَائِشَةَ.** [رواه النسائي، كتاب عشرة النساء: 3408]

سیدہ اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ اور اُن کے ساتھیوں کے لیے ایک پیالے میں کھانا لے کر آئیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بھی چادر اوڑھے ہوئے اور ایک پیالہ لیے ہوئے آئیں ان کے پاس ایک پتھر تھا جس سے انہوں نے (اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے) پیالے کو دو ٹکڑے کر ڈالا۔ رسول اللہ ﷺ دونوں ٹکڑوں کو جوڑ کر فرمانے لگے۔ کھاؤ تمہاری ماں حسد کا شکار ہو گئی ہیں۔ دوبارہ یہ فرمایا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

ثابت پیالہ امِ سلمہ کو بھجوادیا اور امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کا ٹوٹا پیالہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو دے دیا۔

233. عَنْ اَنَسٍ قَالَ: بَلَغَ صَفِيَّةَ اَنَّ حَفْصَةَ قَالَتْ: بِنْتُ يَهُوْدِيٍّ، فَبَكَتْ فَدَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ ﷺ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ: **مَا يُبْكِيْكِ؟ قَالَتْ: قَالَتْ لِيْ حَفْصَةُ اِنِّيْ ابْنَةُ يَهُوْدِيٍّ، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ وَاِنَّكِ لَابْنَةُ نَبِيٍّ، وَاِنَّ عَمَّكِ لَنَبِيٌّ، وَاِنَّكِ لَتَحْتَ نَبِيٍّ، فَفِيْمَ تَفْخَرُ عَلَيْكِ؟ ثُمَّ قَالَ: اِتَّقِي اللّٰهَ يَا حَفْصَةُ.**

[رواہ الترمذی، کتاب المناقب: 3894]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو خبر پہنچی کہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے انہیں یہودی کی بیٹی کہا ہے اس پر وہ رونے لگیں۔ جب نبی ﷺ تشریف لائے تو وہ رو رہی تھیں آپ ﷺ نے پوچھا: کیوں رو رہی ہو؟ انہوں نے عرض کی کہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہودی کی بیٹی کہا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: تم نبی کی بیٹی ہو، تمہارا چچا بھی نبی ہے اور تم نبی کے نکاح میں بھی ہو پھر وہ تم پر کس بات میں فخر کرتی ہے؟ پھر فرمایا: اے حفصہ رضی اللہ عنہا! اللہ سے ڈرو۔

234. عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ اِذَا ذَكَرَ خَدِيْجَةَ، اَثْنٰى عَلَيْهَا، فَاَحْسَنَ الثَّنَاءَ، قَالَتْ: فَغِرْتُ يَوْمًا، فَقُلْتُ: مَا اَكْثَرَ مَا تَذْكُرُهَا حَمْرَاءَ الشِّدْقِ، قَدْ اَبْدَلَكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهَا خَيْرًا مِنْهَا، قَالَ: **مَا اَبْدَلَنِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ خَيْرًا مِنْهَا، قَدْ آمَنَتْ بِيْ اِذْ كَفَرَ بِيَ النَّاسُ، وَصَدَّقَتْنِيْ اِذْ كَذَّبَنِيَ النَّاسُ، وَوَاسَتْنِيْ بِمَالِهَا اِذْ حَرَمَنِيَ النَّاسُ، وَرَزَقَنِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَدَهَا اِذْ حَرَمَنِيْ اَوْلَادَ النِّسَاءِ.**

[رواہ أحمد، ج:41، 24864]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب بھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا ذکر کرتے تو اُن کی بہت زیادہ تعریف و توصیف کرتے۔ فرماتی ہیں ایک دن مجھے غیرت آئی تو میں نے کہا: آپ ﷺ اکثر و بیشتر ایک سُرخ مسوڑھوں والی عورت کا ذکر کرتے رہتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس سے بہتر بیوی عنایت کر دی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے اس سے بہتر بیوی عطا نہیں کی، وہ مجھ پر اس وقت ایمان لائیں جب



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

سب لوگوں نے میرا انکار کیا، اس نے اس وقت میری تصدیق کی جب لوگوں نے مجھے جھٹلایا، اس نے اپنے مال و دولت سے میری مدد کی جب کہ دوسروں نے مجھے محروم کر دیا اور اللہ تعالیٰ نے اس سے مجھے اولاد کی نعمت عطا کی جب کہ دوسری بیویوں سے اولاد نہیں ہوئی۔

235. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: اَتٰی جِبْرِیْلُ النَّبِیَّ ﷺ فَقَالَ: **یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! هٰذِهٖ خَدِیْجَةُ قَدْ اَتَتْ مَعَهَا اِنَاءٌ فِیْهِ اِدَامٌ اَوْ طَعَامٌ اَوْ شَرَابٌ، فَاِذَا هِیَ اَتَتْکَ فَاقْرَءْ عَلَیْهَا السَّلَامَ مِنْ رَبِّهَا وَ مِنِّیْ، وَ بَشِّرْهَا بِبَیْتٍ فِی الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِیْهِ وَلَا نَصَبَ.** [رواه البخاری، کتاب مناقب الانصار:3820]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جبرئیل رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! یہ خدیجہ رضی اللہ عنہا ہیں جو سالن یا کھانے یا پانی کا برتن آپ کے پاس لیے آ رہی ہیں جب وہ آپ کے پاس آئیں تو انہیں ان کے رب کی طرف سے سلام کہیں اور میری طرف سے بھی اور انہیں جنت میں موتیوں کے ایک محل کی خوشخبری دیں جس میں نہ کوئی شور و غل ہے اور نہ کوئی تکلیف اور تھکاوٹ۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# صِلَةُ الْاَرْحَامِ

## صلہ رحمی

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی:... وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَ لُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ... [النسآء:1]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور اُس اللہ سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور رشتوں کے معاملے میں بھی۔ (اللہ سے ڈرتے رہو)

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَالَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ یُّوْصَلَ ... [الرعد:21]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور وہ لوگ جو ملاتے ہیں جنہیں ملانے کا حکم اللہ نے دیا ہے۔

236. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا زَوْجِ النَّبِیِّ ﷺ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **اَلرَّحِمُ شِجْنَةٌ، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعْتُهُ.** [رواہ البخاری، کتاب الأدب: 5989]

نبی کریم ﷺ کی زوجہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: رحم شاخ ہے۔ جو شخص اس سے ملے میں اس سے ملتا ہوں اور جو اس سے قطع تعلق کرے میں اس سے قطع تعلق کرتا ہوں۔

237. اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ: اِنَّ جُبَیْرَ بْنَ مُطْعِمٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ: **لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ.** [رواہ البخاری، کتاب الأدب: 5984]

محمد بن جبیر بن مطعم رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ سیدنا جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے انہیں خبر دی انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: کہ قطع رحمی کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔

238. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ: **مَنْ سَرَّهُ اَنْ یُبْسَطَ لَهُ فِیْ رِزْقِهٖ، وَاَنْ یُنْسَاَ لَهُ فِیْ اَثَرِهٖ، فَلْیَصِلْ رَحِمَهُ.**

[رواہ البخاری، کتاب الأدب: 5985]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جسے پسند ہے کہ اس کی روزی



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

میں فراخی ہو اور اس کی عمر دراز کی جائے تو چاہیے کہ وہ صلہ رحمی کیا کرے۔

239. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! اِنَّ لِیْ قَرَابَةً، اَصِلُهُمْ وَيَقْطَعُوْنِّیْ، وَاُحْسِنُ اِلَيْهِمْ وَيُسِيْئُوْنَ اِلَیَّ، وَاَحْلُمُ عَنْهُمْ وَيَجْهَلُوْنَ عَلَیَّ، فَقَالَ: **لَئِنْ كُنْتَ كَمَا قُلْتَ، فَكَاَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ، وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ ظَهِيْرٌ عَلَيْهِمْ، مَا دُمْتَ عَلٰی ذٰلِكَ.** [رواه مسلم، كتاب البر والصلة:6525]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے کچھ رشتے دار ہیں، میں ان سے صلہ رحمی کرتا ہوں اور وہ مجھ سے قطع تعلق کرتے ہیں۔ میں ان سے اچھا سلوک کرتا ہوں اور وہ مجھ سے برا سلوک کرتے ہیں۔ میں ان سے تحمل اور بردباری سے پیش آتا ہوں اور وہ میرے ساتھ نادانی سے پیش آتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو ایسا ہی ہے جیسا تو نے کہا ہے تو گویا تو ان کے منہ میں گرم راکھ ڈال رہا ہے اور ان کے مقابلے میں تیرے ساتھ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک مددگار رہے گا جب تک تیرا رویہ یہی رہے گا۔

240. عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ، وَلٰكِنِ الْوَاصِلُ الَّذِیْ اِذَا قُطِعَتْ رَحِمُهُ وَصَلَهَا.** [رواه البخاری، كتاب الأدب: 5991]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بدلے میں صلۂ رحمی کرنا صلۂ رحمی نہیں ہے بلکہ صلۂ رحمی کرنے والا وہ ہے کہ جب اس کے ساتھ قطع رحمی کی جائے تب وہ صلۂ رحمی کرے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# حَقُّ الْجَارِ

## ہمسائے کے حقوق

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی:...وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰی وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ...

[النسآء:36]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور پڑوسی رشتہ دار سے اور اجنبی ہمسایہ سے اور پہلو کے ساتھی سے (احسان کا معاملہ کرو)۔

241. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: خَيْرُ الْاَصْحَابِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهِ، وَخَيْرُ الْجِيْرَانِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهِ.

[رواه الترمذی، کتاب البر والصلة: 1944]

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ہاں ساتھیوں میں بہتر ساتھی وہ ہے جو اپنے ساتھی کے لیے بہتر ہو اور پڑوسیوں میں بہتر پڑوسی وہ ہے جو اپنے پڑوسی کے حق میں بہتر ہو۔

242. عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ. [رواه مسلم، کتاب الایمان: 172]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ شخص جنت میں نہ جائے گا جس کا ہمسایہ اس کے مکر وفریب سے محفوظ نہ ہو۔

243. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يُخْبِرُ ابْنَ الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ يَقُوْلُ: لَيْسَ الْمُؤْمِنُ الَّذِیْ يَشْبَعُ، وَجَارُهُ جَائِعٌ. [رواه البخاری فی الأدب المفرد: 112]

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما ابن زبیر کو خبر دیتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو کہتے سنا: وہ شخص مومن نہیں ہے جو خود تو پیٹ بھر کر کھائے اور اس کا ہمسایہ بھوکا ہو۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

244. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: مَا زَالَ جِبْرِیْلُ یُوْصِیْنِیْ بِالْجَارِ حَتّٰی ظَنَنْتُ اَنَّهُ سَیُوَرِّثُهُ. [رواہ البخاری، کتاب الأدب: 6014]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت جبرئیل علیہ السلام مجھے اس طرح بار بار پڑوسی کے حق میں وصیت کرتے رہے کہ مجھے خیال گزرا کہ شاید اسے وراثت میں شریک نہ کردیں۔

245. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: کَانَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: یَا نِسَاءَ الْمُسْلِمَاتِ لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَ لَوْ فِرْسِنَ شَاةٍ. [رواہ البخاری، کتاب الأدب: 6017]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے مسلمان عورتو! کوئی پڑوسن اپنی کسی پڑوسن کے لیے کسی چیز کو (ہدیہ میں دینے کے لیے) حقیر نہ سمجھے خواہ بکری کا پایہ ہی کیوں نہ ہو۔

246. عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: قُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ لِیْ جَارَیْنِ فَاِلٰی اَیِّهِمَا اُهْدِیْ؟ قَالَ: اِلٰی اَقْرَبِهِمَا مِنْکِ بَابًا. [رواہ البخاری، کتاب الهبة: 2595]

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے دو پڑوسی ہیں تو مجھے کس کے گھر ہدیہ بھیجنا چاہیے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا دروازہ تم سے قریب ہو۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# بِرُّ الیَتِیمِ

# یتیم کے ساتھ حسنِ سلوک

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: **فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ** ○ [الضّحی: 9]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: تو جہاں تک یتیم کا تعلق ہے، تو سختی نہ کرو۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: **اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ ○ فَذٰلِکَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ○**

[الماعون: 1-2]

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: کیا تم نے اُس شخص کو دیکھا جو جزا اور سزا کو جھٹلاتا ہے؟ تو یہی ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے۔

247. عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: **اَنَا وَ کَافِلُ الْیَتِیْمِ فِی الْجَنَّةِ هٰکَذَا، وَقَالَ بِاِصْبَعَیْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰی.** [رواه البخاری، کتاب الأدب: 6005]

سیدنا سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے اور آپ ﷺ نے شہادت اور درمیانی انگلیوں کے اشارہ سے بتایا۔

248. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ رُجُلًا شَکَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَسْوَةَ قَلْبِهِ، فَقَالَ لَهُ: **اِنْ اَرَدْتَّ اَنْ یَلِیْنَ قَلْبُکَ، فَاَطْعِمِ الْمِسْکِیْنَ، وَامْسَحْ رَاْسَ الْیَتِیْمِ.**

[رواه احمد، ج: 13، 17576]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے دل کی سختی کی شکایت کی۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارا دل نرم ہو تو مسکین کو کھانا کھلاؤ اور یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرو۔

249. عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: **اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحَرِّجُ حَقَّ الضَّعِیْفَیْنِ: الْیَتِیْمِ وَالْمَرْاَةِ.** [رواه ابن ماجه، کتاب الأدب: 3678]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! میں دو کمزوروں کے حق کو حرام قرار



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

دیتا ہوں ایک یتیم اور دوسرا عورت۔

250. عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ یَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ یَقُوْلُ: **اَبْغُوْنِی الضُّعَفَاءَ فَاِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ وَتُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِکُمْ** .[رواہ أبو داؤد، کتاب الجھاد: 2594]

سیدنا ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مجھے تم کمزوروں میں تلاش کرو۔ یقیناً بے شک تمہارے ان کمزوروں کی وجہ سے تمہیں رزق دیا جاتا ہے اور تمہاری مدد کی جاتی ہے۔



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# رِقَاقُ الْقُلُوْبِ

## دلوں کونرم کرنا

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ...
(الزمر:23)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اللہ نے بہترین کلام نازل کیا ہے، ایسی کتاب جس کی آیات آپس میں ملتی جلتی اور بار بار دہرائی گئی ہیں اسے سن کر ان لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرنے والے ہیں، اور پھر ان کے جسم اور ان کے دل نرم ہو کر اللہ کے ذکر کی طرف راغب ہو جاتے ہیں۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ○
(الانبياء:90)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: پھر ہم نے اس کی دعا قبول فرما کر اسے یحییٰ عطا کیا اور اس کی بیوی کو اس کے لیے درست کر دیا یہ لوگ نیک کاموں کی طرف جلدی کرتے تھے اور ہمیں رغبت اور خوف سے پکارتے تھے اور ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے۔

251. عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ اَنَّ اَعْرَابِيًّا قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ! مَنْ خَيْرُ النَّاسِ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمْرُهٗ وَحَسُنَ عَمَلُهٗ. [رواه الترمذی، کتاب الزهد:2329]

سیدنا عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! لوگوں میں کون سب سے بہتر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس کی عمر زیادہ ہو اور اس کا عمل نیک ہو۔

252. عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ يَقُوْلُ: سَاَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ ﷺ، فَقَالَ: مَا الْاِثْمُ؟ فَقَالَ: اِذَا حَكَّ فِيْ نَفْسِكَ شَيْءٌ فَدَعْهُ، قَالَ: فَمَا الْاِيْمَانُ؟ قَالَ: اِذَا سَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ،



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

**وَسَرَّتْکَ حَسَنَتُکَ، فَاَنْتَ مُؤْمِنٌ.** [رواہ احمد، ج:36، 22159]

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں، ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ گناہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے دل میں کسی چیز کے بارے میں کھٹک پیدا ہو تو اس کو چھوڑ دو۔ اس نے پوچھا: تو ایمان کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہیں اپنی برائی بری لگے اور اپنی نیکی اچھی لگے تو تم مومن ہو۔

253. عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ الْاَ نْصَارِيِّ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ؟ فَقَالَ: **اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ، وَالْاِثْمُ مَاحَاکَ فِيْ صَدْرِکَ، وَکَرِهْتَ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ.** [رواہ مسلم، کتاب الزھد:6516]

سیدنا نواس بن سمعان انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نیکی اور گناہ کے بارے میں سوال کیا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے اور تجھے یہ ناگوار ہو کہ لوگ اس سے باخبر ہوں۔

254. عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: **اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا يَسْتَعْمِلُهُ، قِيْلَ: کَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: يُوَفِّقُهُ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ.**

[رواہ ابن حبان، کتاب البر و الاحسان، ج:2، 341]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کے لیے خیر چاہتے ہیں تو اس سے کام لیتے ہیں۔ پوچھا گیا: کس طرح کام لیتے ہیں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت سے پہلے اس کو نیک عمل کرنے کی توفیق عطا فرما دیتے ہیں۔

255. عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: کَانَ سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ فِيْ اِبِلِهِ، فَجَاءَهُ ابْنُهُ عُمَرُ، فَلَمَّا رَآهُ سَعْدٌ قَالَ: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا الرَّاكِبِ، فَنَزَلَ، فَقَالَ لَهُ: اَنَزَلْتَ فِيْ اِبِلِكَ وَغَنَمِكَ وَتَرَكْتَ النَّاسَ يَتَنَازَعُوْنَ الْمُلْكَ بَيْنَهُمْ؟ فَضَرَبَ سَعْدٌ فِيْ صَدْرِهِ فَقَالَ: اُسْكُتْ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: **اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ**



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

**الْخَفِيَّ**. [رواہ مسلم، کتاب الزھد: 7432]

سیدنا عامر بن سعد کہتے ہیں کہ سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے اونٹوں میں تھے کہ ان کا بیٹا عمر آیا۔ جب سعد رضی اللہ عنہ نے اس کو دیکھا تو کہا میں اس سوار کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔ پھر وہ اترا اور بولا کہ تم اپنے اونٹوں اور بکریوں میں اترے ہو اور لوگوں کو چھوڑ دیا کہ وہ سلطنت کے لیے لڑ رہے ہیں؟ سیدنا سعد رضی اللہ عنہ نے اس کے سینے پر مارا اور کہا چپ رہ۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ بے شک اللہ تعالیٰ اس بندے سے محبت کرتا ہے جو متقی، غنی، چھپا ہوا ہو۔

256. عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: لَمَّا بَعَثَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اِلَى الْيَمَنِ، خَرَجَ مَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يُوْصِيهِ، وَمُعَاذٌ رَاكِبٌ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَمْشِيْ تَحْتَ رَاحِلَتِهِ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: **يَا مُعَاذُ، اِنَّكَ عَسٰى اَنْ لَا تَلْقَانِيْ بَعْدَ عَامِيْ هٰذَا، اَوْ لَعَلَّكَ اَنْ تَمُرَّ بِمَسْجِدِيْ هٰذَا اَوْ قَبْرِيْ، فَبَكٰى مُعَاذٌ جَشَعًا لِفِرَاقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، ثُمَّ الْتَفَتَ، فَاَقْبَلَ بِوَجْهِهِ نَحْوَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ: اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِيَ الْمُتَّقُوْنَ، مَنْ كَانُوْا وَحَيْثُ كَانُوْا**. [رواہ أحمد، ج: 36، 22052]

سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو یمن کی طرف بھیجا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ نکلے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو وصیت کر رہے تھے، معاذ رضی اللہ عنہ سوار تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی سواری کے ساتھ چل رہے تھے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم (وصیت سے) فارغ ہوئے تو فرمایا: اے معاذ! ہوسکتا ہے کہ تم اس سال کے بعد مجھ سے نہ مل سکو شاید تم میری اس مسجد یا میری قبر سے گزرو۔ تو معاذ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی کے رنج میں رو پڑے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم مڑے اور انہوں نے اپنا رخ مدینہ کی طرف کر لیا۔ پھر فرمایا: بے شک میرے سب سے زیادہ قریب متقی لوگ ہیں، وہ جو کوئی بھی ہوں اور جہاں کہیں بھی ہوں۔

257. عَنْ اَنَسٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُرِيْدُ سَفَرًا فَزَوِّدْنِيْ، قَالَ: زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى قَالَ: زِدْنِيْ، **قَالَ: وَغَفَرَ ذَنْبَكَ قَالَ:**



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

زِدْنِیْ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ، قَالَ: وَیَسَّرَ لَکَ الْخَیْرَ حَیْثُ مَا کُنْتَ.

[ رواہ الترمذی، کتاب الدعوات : 3444]

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میرا سفر کرنے کا ارادہ ہے، آپ مجھے زادِ راہ عنایت فرمائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کے توشے سے آراستہ فرمائے۔ اس نے کہا، میرے لیے مزید دعا فرمائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور تیرے گناہ معاف فرما دے۔ اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں کچھ اور، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو جہاں کہیں بھی ہو، اللہ تعالیٰ تیرے لیے بھلائی کو آسان کر دے۔


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# اَللّٰھُمَّ

اھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ

لَا یَھْدِیْ لِاَحْسَنِھَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَھَا

لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ

میری سب سے اچھے اخلاق کی طرف رہنمائی فرما۔

تیرے سوا اچھے اخلاق کی راہ کوئی نہیں دکھا سکتا اور برے اخلاق کو مجھ سے دور کر دے

انہیں تیرے سوا مجھ سے کوئی اور دور نہیں کر سکتا۔

(راوہ مسلم، کتاب الصلاۃ:1812)



کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# کتابیات


• صحیح البخاری — ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری الجعفی
مکتبہ دارالسلام الریاض، طبع 1999

• صحیح مسلم — ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیر ی النیسابوری
مکتبہ دارالسلام الریاض، طبع 1998

• سنن أبی داؤد — ابوداودسلیمان بن الاشعث بن اسحاق الازدی السجستانی
مکتبہ دارالسلام الریاض، طبع 1999

• سنن الترمذی — ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ ابن موسیٰ الترمذی
مکتبہ دارالسلام الریاض، طبع 1999

• سنن النسائی — ابوعبدالرحمٰن احمد ابن شعیب بن علی ابن سنان النسائی
مکتبہ دارالسلام الریاض، طبع 1999

• سنن ابن ماجه — ابوعبداللہ محمد بن یزید الربعی ابن ماجہ القزوینی
مکتبہ دارالسلام الریاض، طبع 1999

• مسند احمد — احمد بن محمد بن حنبلؒ،
مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، طبع 1999

• صحیح ابن حبان — الامیر علاء الدین علی بن بلبان الفارسیؒ،
مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، طبع 1993

• صحیح الجامع الصغیر و زیادة — محمد ناصرالدین البانی،
المکتب الاسلامی بیروت، طبع 1986

• الادب المفرد — ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری الجعفی،
دارالصدیق، الجبیل ۔ المملکۃ العربیۃ السعودیۃ، طبع 2000




کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| • السنن الکبرٰی | ابی بکراحمد بن الحسین بن علی البیہقی ، | |
| | دارالکتب العلمیہ بیروت ، | طبع 1999 |
| • مسند ابی یعلی الموصلی | احمد بن علی بن المثنی التمیمی ، | |
| | دارالمامون للتراث دمشق ، بیروت ، | طبع 2009 |
| • لغات الحدیث | وحیدالزماں ، | |
| | میر محمد ، کتب خانہ مرکز علم وادب آرام باغ ، کراچی ۔ | |
| • المعجم المفہرس | مکتبہ بریل فی مدینہ لندن | طبع 1936 |
| • The Hans Wehr dictionary of Modern Written Arabic | Edited by J M. Cowan | 1976 |


کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الہدیٰ ایک نظر میں

الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان، قرآن وسنت کی تعلیم اور خدمت خلق کے کاموں میں 1994ء سے کوشاں ہے۔ الحمدللہ آج نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کے کئی ممالک میں اس کی شاخیں اسی مقصد کے حصول کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ فاؤنڈیشن کے تحت درج ذیل شعبہ جات کام کر رہے ہیں۔

**شعبۂ تعلیم وتربیت:** اس شعبہ کے تحت قرآن وسنت کی تعلیم اور طالبات کی تربیت وکردار سازی کے لیے مختلف دورانیے کے درج ذیل کورسز کروائے جاتے ہیں:

- **تعلیم القرآن:** مکمل قرآن مجید کا لفظی ترجمہ وتفسیر، تجوید، حدیث وسیرت النبی ﷺ اور فقہ العبادات پر مشتمل کورسز ہیں۔
- **ناظرہ وتجوید اور تحفیظ القرآن:** قرآن مجید کو درست پڑھنے اور حفظ کے کورسز ہیں۔
- **تعلیم الحدیث:** صحیح بخاری، ریاض الصالحین کے منتخب ابواب اور علوم الحدیث پر مبنی ہیں۔
- **روشنی کا سفر:** یہ کورس کم پڑھی لکھی لڑکیوں کے لیے اسلامی تعلیمات پر مشتمل کورس ہے۔
- **روشنی کی کرن:** ناخواندہ خواتین ولڑکیوں کی تعلیم وتربیت کورس ہے۔
- **ریالٹی چیک:** انگریزی زبان میں ہفتہ وار تعلیمی پروگرام ہے۔
- **منارالاسلام:** بچوں کی دینی تعلیم وتربیت کے لیے ہفتہ وار پروگرام اور ناظرہ قرآن کی تعلیم کے لیے مفتاح القرآن پروگرام ترتیب دیا گیا ہے۔
- **فہم القرآن:** رمضان المبارک میں روزانہ ایک پارہ کے ترجمہ اور فہم پر مبنی پروگرام ہے۔
- **سمر کورسز:** گرمیوں کی چھٹیوں میں ہر شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والی ہر عمر کی خواتین، لڑکیوں اور بچوں کے لیے مختصر دورانیے کے کورسز پڑھائے جاتے ہیں۔
- الہدیٰ کیمپس اور برانچز میں تدریس کے علاوہ گھر بیٹھے بذریعہ خط وکتابت اور آن لائن تعلیم حاصل کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

**شعبۂ نشر واشاعت:** قرآن وسنت کی تعلیم کو عامۃ الناس تک پہنچانے کے لیے الہدیٰ پبلی کیشنز کے تحت مختلف موضوعات پر کتب، کارڈز، کتابچے اور پمفلٹس چھپوائے جاتے ہیں اور ان کا مختلف زبانوں میں ترجمہ بھی شائع کیا جاتا ہے۔

- قرآن مجید کی قراءت، ترجمہ وتفسیر، حدیث وسیرت النبی ﷺ، مسنون دعاؤں اور روزمرہ زندگی کے مسائل سے

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

متعلق رہنمائی پر مبنی آڈیو کیسٹس (Audio)، سی ڈیز (c.d) اور وی سی ڈیز (v.c.d) تیار کی جاتی ہیں۔ اسی طرح ریڈیو، ٹی وی اور کیبل چینلز پر چلانے کے لیے بھی پروگرام تیار کیے جاتے ہیں۔

- تحریری اور صوتی مواد مندرجہ ذیل ویب سائٹس: www.farhathashmi.com www.alhudapk.com سے بلا معاوضہ ڈاؤن لوڈ کر کے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

**شعبۂ خدمت خلق:** کے تحت متعدد معاشرتی خدمات سرانجام دی جا رہی ہیں۔ مثلاً

- ذہین اور مستحق طلبہ کے لیے تعلیمی وظائف
- کچی بستیوں میں تعلیمی اور رفاہی کام
- روزگار کی فراہمی ٹھیلے اور سلائی مشینیں مہیا کر کے
- بیوہ اور نادار خواتین کے لیے ماہانہ وظائف
- میرج بیورو بلا معاوضہ سہولت
- دینی وسماجی رہنمائی
- کفن کی دستیابی
- خاتون کی میت کو غسل دینے کا بندوبست
- رمضان المبارک میں راشن کی فراہمی
- عیدالاضحیٰ کے موقع پر اجتماعی قربانی
- کنوؤں کی کھدائی کے ذریعے خشک علاقہ جات میں پانی کی فراہمی
- فری میڈیکل کیمپوں کا قیام
- مستحق افراد کے لیے ماہانہ راشن اور کپڑوں کی تقسیم
- قدرتی آفات کے موقع پر ممکنہ ضروری امداد

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# الہدیٰ پبلی کیشنز کی مطبوعات

## کتب

- قرآن مجید (اردو لفظی ترجمہ)
- منتخب آیات قرآنیہ
- منتخب سورتیں
- منتخب سورتیں اور آیات
- تعلیم القرآن القراءۃ والکتابۃ
- قرآن کریم اور اس کے چند مباحث
- حدیث رسولؐ ایک تعارف ایک تجزیہ
- حفاظت حدیث کیوں اور کیسے؟
- قال رسول اللہ ﷺ
- رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا
- صدقہ وخیرات
- حسن اخلاق
- فتنوں کے دور میں کیا کرنا چاہیے؟
- محمد رسول اللہؐ معمولات اور معاملات
- عربی گرامر
- اسلامی عقائد
- فقہ اسلامی ایک تعارف ایک تجزیہ
- میرا جینا میرا مرنا
- آخری سفر کی تیاری
- بیوگی کا سفر
- ابوبکر صدیقؓ
- والدین ہماری جنت
- حصول علم اور خواتین

## پمفلٹس

- نماز باجماعت کا طریقہ
- نمازِ فجر کے لیے کیسے بیدار ہوں؟
- جمعہ کا دن مبارک دن
- نماز استسقاء
- درود وسلام ـــ الصلاۃ علی النبی ﷺ
- غسل میت اور کفن پہنانا
- اظہارِ محبت کیسے؟
- ان حالات میں کیا کریں؟

## دعائیں

- قرآنی اور مسنون دعائیں
- وایاک نستعین
- نبی اکرمؐ کے صبح وشام کے اوراد
- نماز کے بعد کے مسنون اذکار
- نماز تہجد کے لیے دعائے استفتاح
- حصول علم کی دعائیں
- فہم قرآن میں مددگار دعائیں
- آیات شفا
- مقبول دعائیں
- سفر کی دعائیں
- دعائے استخارہ
- صالح اولاد کے لیے دعائیں
- نظر بد اور تکلیف کی دعائیں
- سوتے میں وحشت کی دعائیں
- دشمن کے شر سے حفاظت کی دعائیں
- میت کی بخشش کی دعاء

## اسلامی مہینے

- محرم الحرام
- صفر کا مہینہ اور بدشگونی
- رجب اور شب معراج
- شعبان المعظم
- روزے کے احکام
- رمضان المبارک مسنون دعائیں
- رمضان المبارک اور خواتین
- عیدالفطر
- حج بیت اللہ
- رہبر حج
- زادراہ
- لبیک عمرہ
- عشرہ ذوالحجہ، عیدالاضحیٰ اور قربانی
- تکبیرات
- عید کارڈز

## پوسٹرز

- نماز فجر کے لیے کیسے بیدار ہوں؟

## جائزہ لسٹ

- صلوۃ ٹائم
- نبی کریمؐ کے لیل ونہار کی روشنی میں
- رسول اللہ ﷺ سے میرا تعلق

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

# سنیئے اور سنوایئے

## عبادات

- نماز فرض ہے۔
- نماز کیا سکھاتی ہے؟
- نماز میں خشوع کیسے؟
- نماز تہجد قرب الٰہی کا ذریعہ
- آیئے نماز سیکھیے

## اللہ میرا رب

- آیۃ الکرسی
- اللہ تیرا شکر
- اللہ کے محبوب بندے
- اللہ ہی کے ہو کر رہو
- اللہ کا رنگ بہترین رنگ
- اللہ کی قدر پہچانو
- انسان اللہ کا محتاج
- ذکر و تسبیح
- شکر گزاری کے طریقے
- دوڑو اپنے رب کی طرف

## باہمی تعلقات

- صلہ رحمی
- ہمارے معاملات ہماری پہچان
- السلام علیکم
- حقوق العباد
- رشتوں کو جوڑیے
- عدل، احسان، صلہ رحمی
- مسلمان کیسا ہوتا ہے؟
- خوشگوار باہمی تعلقات
- دوستی

## پردہ

- لباس و حجاب
- پردہ کیوں کریں؟

## اخلاقی خوبیاں

- اچھی نیت اچھا پھل
- اجنبی لوگ
- دل کی باتیں
- جب حیا نہ رہے
- نیکی کیا ہے؟
- نرم مزاجی
- صبر بہت ضروری ہے
- سچے مومن
- سادگی میں آسانی
- توکل علی اللہ
- قوی مومن، کمزور مومن
- ارادے جن کے پختہ ہوں
- رحمان کے بندے

## اخلاقی برائیاں

- غیبت، بدگمانی اور تجسس
- فضول باتیں کس کے لیے؟
- غصہ جانے دو
- حسد کی آگ
- حرص و ہوس دین کے دشمن
- اتراؤ مت
- خود فریبی
- خود پسندی
- منافق کون؟
- منافقت دل کی بیماری
- مذاق نہ اڑاؤ
- شہرت کے طالب
- شراب اور جوا

## انفاق فی سبیل اللہ

- صدقہ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا
- محبوب کے لیے محبوب چیز
- فائدہ مند تجارت

## بچوں کی تربیت

- بچوں کی تربیت میں ماں کا کردار
- فتنۂ اولاد
- بچوں کی تربیت کیسے کریں
- آگ سے بچاؤ خود کو اور گھر والوں کو
- مجھے جینے دو
- بچوں کی تربیت پہلا قدم

## دعوت و تبلیغ

- آؤ جھک جائیں
- اللہ کے مددگار
- اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں
- برائی کو روکو
- چنے ہوئے لوگ
- امتحان تو ہوگا
- انسان اللہ کی نظر میں
- اتحاد کیسے ممکن ہے؟
- اب بھی نہ جاگے تو

## جادو اور جنات

- جادو حقیقت اور علاج
- آسیب، جادو نظر بد کا شرعی علاج
- شیطان کھلا دشمن
- شیطان کے ہتھکنڈے

## مالی معاملات

- وراثت کی تقسیم فرض ہے
- سود حرام کیوں؟

## آداب

- گفتگو کا سلیقہ
- مہمان نوازی
- سفر کیسے کریں؟
- دعوتیں اور تحفے

نوٹ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے یہ لیکچرز کیسٹس، سی ڈیز اور ویب سائٹ پر سنے جا سکتے ہیں

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

www.KitaboSunnat.com

کتاب حسن اخلاق پر مبنی ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے مندرجہ ذیل آڈیو لیکچرز کیسٹس اور سی ڈی میں دستیاب ہیں نیز یہ لیکچرز ویب سائٹس پر بھی موجود ہیں۔




www.alhudapk.com www.farhathashmi.com

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا (رواہ ابوداؤد: 4682)

"مومنوں میں سب سے زیادہ کامل ایمان والے وہ ہیں جو اخلاق میں سب سے اچھے ہوں"

SBN 978-969-8665-37-1

04010005

الہدیٰ پبلی کیشنز

AL-HUDA PUBLICATIONS